آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 16 جون 2020ء بمطابق 22 شوال 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 166

(سلوگن) کرونا وائرس تب پھیلا اور حملہ آور ہوتا ہے جب کوئی شخص معمولی احتیاطی تدابیر اختیار نہیں کرتا جو کہ قیمتی جانوں کے ضیاع، یا پھر ہزاروں، لاکھوں روپے کے اخراجات کا باعث بنتا ہے اسی طرح تکالیف اور پریشانیوں کا الگ سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پہلے لوگ پیسے کمانے دوبئی جاتے تھے اب کوئٹہ آتے ہیں، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

صوبائی حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی صوبائی حکومت کوئی بھی کام صحیح نہیں کر رہی ہے اور سارا دن کورٹ اپنے کاموں کو چھوڑ کے صرف اور صرف صوبائی حکومت کے مسائل کو دیکھتا ہے یہ حکومت کی نالائقی ہے

اگر حکومت اپنے طور پر اپنے مسائل کو حل کریں تو یہاں تک نوبت نہ پہنچتی، ہمیں یہ بھی پتہ ہے کہ یہ لف ٹاکل، اسٹروٹ کیوں لگاتے ہیں، کنکریٹ کیوں کرتے ہیں، جسٹس جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پہلے لوگ پیسے کمانے کیلئے دوبئی جاتے تھے لیکن اب پاکستان میں جس کو بھی پیسہ کمانا ہو تو وہ کوئٹہ آتا ہے اور مزے سے پیسہ کما کر جاتا ہے۔ ہمیں یہ بھی پتہ ہے کہ یہ لف ٹاکل، اسٹروٹ کیوں لگاتے ہیں، کنکریٹ کیوں کرتے ہیں، مارچ میں ہونے والے عدالتی حکم کے باوجود صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں روڈوں کے درمیان سبزہ زار اکھاڑ کر لف ٹاکل لگانے کی عمل کو جاری رکھنے پر سیکرٹری سی اینڈ ڈی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور دو ایکسیئنر کو توہین عدالت کے نوٹسز جاری کیے جاتے ہیں یہ حکم چیف جسٹس جمال

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع		
	فجر صبح	04:15
	ظہر	01:00
	مغرب	07:27

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزراء مشاخان کاکڑ، نور محمد دمڑ، محمد خان اچکزئی اور مسعود خان لونی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان ایک دن میں 150 کورونا کیسز رپورٹ تعداد 8327 ہوگئی

بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 150 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 8327 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 150 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 8327 ہوگئی محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی رپورٹ کے مطابق صوبے میں پیر کو 150 نئے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس، کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال پر غور اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اجلاس میں کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال پر غور، صوبوں میں کورونا مریضوں کے لئے موجود بیڈز، آکسیجن، وینٹی لیٹرز اور اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا

اس وقت ملک میں 4 ہزار 800 وینٹی لیٹرز موجود ہیں۔ ان وینٹی لیٹرز میں مزید 1600 کا اضافہ جلد ہو جائے گا، وزراء اور اراکین اسمبلی اپنے اپنے علاقوں میں عوامی مسائل حل کریں

کورونا مریضوں کی دیکھ بھال اور ہسپتالوں میں سہولیات کا جائزہ لیں، چیئرمین این ڈی ایم اے مطلوبہ ادویات اور انجکشن کی فراہمی کو یقینی بنائیں، عمران خان کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم عمران خان نے تمام تحریک انصاف کے عہدیداروں، وزراء اور اراکین اسمبلی کو کورونا مریضوں کی دیکھ بھال اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنے اپنے حلقوں کا دورہ کرنے کی ہدایت کر دی، وزیر اعظم نے کہا کہ منتخب نمائندے انتظامیہ کی مدد سے نہ صرف ہسپتالوں میں سہولیات کا جائزہ لیں بلکہ اپنے اپنے حلقوں کی عوام کا حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تعاون یقینی بنانے میں بھی متحرک کردار ادا کریں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صوبوں کو متاثرہ علاقوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے لئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اس حوالے سے زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر ایسے اقدامات کیے جائیں تاکہ آسودہ آنے والے چند مشکل ہفتوں کے دوران حفاظتی اقدامات اور معاشی سرگرمیوں میں توازن

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے رکن صوبائی اسمبلی میر محمد اکبر مینگل ملاقات کر رہے ہیں

سینیٹر سراج الحق نے اپنی طرف سے مالیاتی بل 2020-21 میں سفارشات کے لیے تجاویز جمع کرا دیں

سینیٹ سفارش کرے کہ وفاقی حکومت فنانس بل میں مناسب ترامیم کے ذریعے معیشت کو سود سے پاک کرے، سفارشات

وفاقی ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں پندرہ فیصد، وفاقی حکومت سے تعلیم اور صحت کے بجٹ کو دوگنا کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق نے اپنی طرف سے مالیاتی بل 2020-21 میں سفارشات کے لیے تجاویز جمع کرا دی ہیں۔ سینیٹر سراج الحق نے کل گیارہ تجاویز اسینیٹ سیکرٹریٹ میں جمع کرائی ہیں۔ بجلی تجویز میں کہا گیا ہے کہ سینیٹ آف پاکستان سفارش کرے کہ وفاقی حکومت فنانس بل میں مناسب ترامیم کے ذریعے معیشت کو سود سے پاک کرے، دوسری تجویز میں وفاقی ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں پندرہ فیصد اضافہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

چینی کی قیمت تاحال کم نہ ہو سکی، مختلف اقسام کے چاولوں کی قیمت میں 10 تا 15 روپے کلو کا اضافہ کر دیا گیا

عدالتی احکامات کے باوجود چینی 85 روپے کلو میں ہی فروخت ہوئی، سیل اور ہول سیل پر چاول کی قیمت میں 10 روپے کا فرق بتایا جا رہا ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات پر چینی کی قیمت تو کم نہ ہو سکی تاہم بجٹ کے فوری بعد رائس مل مالکان نے مختلف اقسام کے چاولوں کی قیمت میں 10 تا 15 روپے کلو کا اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ نے شوگر مل

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت عوام سے وسائل لینے کے بجائے انہیں وسائل اور ریلیف دینے کی پالیسی اپنائے، شہباز شریف

طلب بڑھانے سے ہی معیشت چل سکتی ہے، ملک میں نئے منصوبے شروع کر کے معاشی سرگرمیاں بڑھا سکتے ہیں، صدر (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر و قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت عوام سے وسائل لینے کے بجائے انہیں وسائل اور ریلیف دینے کی پالیسی اپنائے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے ملک میں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسد عمر نے درست اعداد و شمار بتائے ہیں، عوام سے کچھ نہیں چھپائیں گے، ڈاکٹر ظفر مرزا

چاہتے ہیں لوگوں کو پتا چلے کے آنے والے دنوں میں کن حالات کا سامنا کرنا پڑیگا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ اسد عمر نے درست اعداد و شمار بتائے ہیں، عوام سے کچھ نہیں چھپائیں گے، چاہتے ہیں لوگوں کو پتا چلے کے آنے والے دنوں میں کن حالات کا سامنا کرنا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

محکمہ زراعت کے توسط سے زیارت میں ٹڈی دل کے انسداد کے لیے بذریعہ ہیلی کاپٹر ہوائی اسپرے کا آغاز ہوا

زیارت (ش ن) محکمہ زراعت کے توسط سے زیارت میں ٹڈی دل کے انسداد کے لیے بذریعہ ہیلی کاپٹر ہوائی اسپرے کا آغاز ہوا پاک آرمی کے دو ہیلی کاپٹروں نے اسپرے آپریشن میں حصہ لیا اسپرے آپریشن شام سے پچے شروع ہوا جو کہ رات گئے تک جاری رہا پاک آرمی کے زیر دست تعاون سے اسپرے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے گورنر پنجاب چوہدری سرور ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں پولیو وائرس کا نیا کیس رپورٹ، ضلع پشین میں دو سال کی بچی میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں پولیو وائرس کا نیا کیس رپورٹ، ضلع پشین میں دو سال کی بچی میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چینی قیمتوں میں استحکام نہ آسکا، 88 سے 90 روپے تک جا پہنچی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چینی قیمتوں میں استحکام نہ آسکا تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر سمیع کاکڑ نے ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان کے کوارڈی نیٹر کے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق ڈاکٹر سمیع کاکڑ کو ٹی بی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ملک بھر اور بلوچستان میں ٹڈی دل سے متاثرہ علاقوں میں سروے اور آپریشن کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر اور بلوچستان میں ٹڈی دل سے متاثرہ علاقوں میں سروے اور آپریشن کا سلسلہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مشیر تجارت عبدالرازق داؤد کی سربراہی میں وزارت تجارت میں فنانس بل 2020 سے متعلق کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) مشیر تجارت عبدالرازق داؤد کی سربراہی میں وزارت تجارت میں فنانس بل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، 20 روز میں کورونا مریضوں کی تعداد میں 4 گنا سے زائد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گزشتہ 20 روز کے دوران کورونا مریضوں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

فرانسیسی اخبار نے پاکستان کے تیار کردہ ماسکس کی تعریف کی ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ فرانسیسی اخبار نے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم سے احسان مانی کی ملاقات، عمران خان نے قومی کرکٹ ٹیم کو دورہ انگلینڈ کی اجازت دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان سے چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے ملاقات کی جس

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے بلوچستان کے محاصل سے 29 ارب 92 کروڑ روپے کم کر دیئے

بلوچستان سے کسٹم ڈیوٹیز، سیلز ٹیکس اینڈ سروسز پر جی ایس ٹی کی مد اور ٹیکس انکم کی مد میں فنڈز پر کٹ لگا دی گئی ہے

کورونا کے باعث وفاقی محاصل میں کمی سے آئندہ مالی سال کیلئے بلوچستان کے وسائل میں کمی کر دی گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی حکومت نے بلوچستان کے وسائل پر کٹ لگا دی، این ایف سی کے تحت ملنے والی وفاقی محاصل سے 29 ارب 92 کروڑ روپے کم کر دیئے ہیں، بلوچستان سے کسٹم ڈیوٹیز، سیلز ٹیکس اینڈ سروسز پر جی ایس ٹی کی مد اور ٹیکس انکم کی مد میں فنڈز پر کٹ لگا دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کورونا کے باعث وفاقی محاصل میں کمی سے آئندہ مالی سال کیلئے بلوچستان کے وسائل میں کمی کر دی گئی ہے، وفاقی حکومت کے بجٹ دستاویزات کے مطابق یہ کمی معمولی نہیں بلکہ بہت زیادہ ہے دستاویزات کے مطابق این ایف سی ایوارڈ کے تحت رواں مالی سال کے دوران بلوچستان کو قابل تقسیم وفاقی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

جولائی کے آخر تک کورونا کیسز کی تعداد 20 ہزار تک ہو سکتی ہے، لیاقت شاہوانی

بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے گھمبیر ہوئی ہے، صوبے میں کورونا کے کیسز جس تیزی سے بڑھ رہے ہیں

بلوچستان میں کورونا کیلئے تین نئی لیبارٹریاں قائم کر دی ہیں،،، ٹیلی میڈیسن کا طریقہ علاج بھی شروع کر دیا گیا ہے، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے گھمبیر ہوئی ہے بلوچستان میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کورونا کے 1661 کیسز سامنے آئے۔ صوبے میں کورونا کے کیسز جس تیزی سے بڑھ رہے ہیں جولائی کے آخر تک کورونا کے کیسز کی تعداد 20 ہزار تک ہو سکتی ہے، یہ بات انہوں نے پیر کو سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا ہے کہ اس وقت شیخ زید اسپتال کوئٹہ میں 63، فاطمہ جناح اسپتال میں 45 اور پی ایم سی میں نو مریض زیر علاج ہیں، صوبے میں اس وقت کوئی مریض وینٹی لیٹر پر نہیں ہے، انہوں نے کہا ہے کہ آج بلوچستان میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا آخری دن ہے، ڈیلوپمنٹ کی شرائط اپنی جگہ، اگر احتیاط کی جائے گی تو مکمل لاک ڈاؤن کی ضرورت نہیں پڑے گی، لاک ڈاؤن کوئی امن و امان کا مسئلہ نہیں ہے، انہوں نے کہا ہے کہ اسمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے صورتحال کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

میڈیا انڈسٹری کے مسائل۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا کل سے احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان

بلوچستان حکومت کی جانب سے 2017-18 کے بقایاجات کی عدم ادائیگی اور اشتہارات اور خصوصی ایڈ اشتہارات میں نظر انداز کیا جا رہا ہے

اخباری صنعت بلوچستان کا بہت شدید متاثر ہوا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا، ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کو دی کنوٹی بلوچستان حکومت کی جانب سے 2017-18 کے بقایاجات کی عدم ادائیگی اور صوبائی اشتہارات اور خصوصی ایڈ اشتہارات میں مقامی اخبارات کو نظر انداز کرنے اور اخبار مارکیٹ کی گرانٹ سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے کل بروز بدھ 17 جون سے باقاعدہ احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان۔ 17 جون کو دن ایک بجے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مقامی اخبارات و

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایک دن میں کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تر بنیادی اقدامات اٹھا رہی ہے

وہیں پر زراعت و زرعی شعبے میں ٹڈی دل کی سنگین صورتحال کا بھی سامنا ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے صوبے میں جہاں پر کرونا وائرس سے نبرد آزما ہونے کیلئے تمام تر بنیادی اقدامات اٹھا رہی ہے، وہیں پر زراعت و زرعی شعبے میں ٹڈی دل کی سنگین صورتحال کا بھی سامنا ہے جس کے لیے ایمرجنسی کا نفاذ رواں سال جنوری میں کر دیا گیا تھا اور اس کے تدارک اور عملی اقدامات میں محکمہ زراعت کے ساتھ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی ہنگامی اقدامات اور اس کے تدارک اور تلف کرنے کے لیے پیرے روانہ کی بنیادوں پر کر رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ زراعت ہماری معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی وزیر زراعت زمرک خان اچکزئی کو صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی طرف سے ٹڈی دل کے اسپرے کیلئے استعمال کیے جانے والے ٹریکٹرز حوالے کرنے کی تقریب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے اقدامات کو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے 2 ہفتے مکمل ہو گئے

سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت ہفتے میں 6 دن کاروبار جبکہ ایک دن مکمل لاک ڈاؤن رہے گا

6 دن کے دوران تمام کاروبار، دکانیں، مارکیٹیں وغیرہ صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک کھلی رہیں گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے 2 ہفتے مکمل ہو گئے، سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت ہفتے میں 6 دن کاروبار جبکہ ایک دن مکمل لاک ڈاؤن رہے گا اور 6 دن کے دوران تمام کاروبار، دکانیں، مارکیٹیں وغیرہ صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک کھلی رہیں گی، دوسری جانب ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف انتظامیہ بھی متحرک ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاؤن کا 14 ویں روز تمام کاروباریں کھلی رہیں، انتظامیہ کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل، ثقافت و سیاحت عبدالخالق ہزارہ کورونا کو شکست دینے کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر کھیل، ثقافت و سیاحت عبدالخالق ہزارہ کورونا کو شکست دینے کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے صوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ کو طبیعت خراب ہونے پر کراچی منتقل کر دیا گیا تھا جہاں ان کی علاج و معالجے کے بعد گزشتہ روز ان کی حالت سنبھل گئی اور کورونا ٹیسٹ بھی نگیٹیو آگیا، کوئٹہ پہنچنے پر پارٹی رہنماؤں نے ان کا استقبال کیا۔

وفاقی وزارتوں میں کوہلو کے جعلی ڈومیسائل پر 135 سے زیادہ غیر مقامی افراد کی بھرتی کا انکشاف ہوا ہے

بلوچستان کے کوٹے پر ڈومیسائل پر، پنجاب، سندھ، کشمیر اور ہزارہ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھرتی کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محکموں میں کوہلو کے جعلی ڈومیسائل پر 135 سے زیادہ غیر مقامی افراد کی بھرتی کا انکشاف ہوا ہے، بلوچستان کے کوٹے پر ڈومیسائل پر پنجاب، سندھ، کشمیر اور ہزارہ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھرتی کیا گیا۔ باخبر ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو کے ڈومیسائل پر غیر قانونی بھرتیاں کی گئی ہیں، ان بھرتیوں میں کلاس 4 سے گریڈ 17 تک کے آفیسران و ملازمین شامل ہیں، معلوم ہوا ہے کہ غیر قانونی ڈومیسائل لوکل برانچ کوہلو کے سرکاری ملازمین کی ملی بھگت سے جاری کیے گئے۔ ایک مقامی آفیسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ غیر مقامی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو اور صوبائی وزیر زراعت زمرک خان اچکزئی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں کورونا کی وبا پھیل گئی

جیل کے 26 قیدی اور دس وارڈنز کورونا کا شکار ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں کورونا کی وبا پھیل گئی، جیل کے 26 قیدی اور دس وارڈنز کورونا کا شکار ہو گئے، جیل کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور ایک اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل بھی کورونا میں مبتلا پائے گئے، جیل حکام کے مطابق قیدیوں کی تعداد کے لحاظ سے صوبے کی سب سے بڑی جیل، ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ میں کورونا وائرس پھیلا شروع ہو گیا ہے، جیل کے 26 قیدی کورونا کا شکار ہو گئے ہیں کورونا کا شکار قیدیوں میں ایک خاتون قیدی بھی شامل ہے، اسی طرح جیل کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، ایک

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے پاک افغان بارڈر کو فوری طور پر کھولا جائے، جمال شاہ کاکڑ

بارڈر بند ہونے سے سرحد کے دونوں جانب لاکھوں کی تعداد میں افراد بے روزگار ہوئے ہیں، سابق اسپیکر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے پاک افغان بارڈر کی بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے بارڈر کو فوری طور پر کھولا جائے تاکہ لاکھوں کی تعداد میں افراد بے روزگار ہونے سے بچ سکیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاک افغان بارڈر چمن گذشتہ تین ماہ سے بند پڑا ہے جس سے سرحد کے دونوں جانب لاکھوں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کسی کو اپنے بچوں کی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے سکتے

سردار یار محمد رند

بچے ہمیں اپنی جان سے زیادہ عزیز ہیں، پرائیویٹ سکولز والے دھمکیوں کی بجائے تجاویز دیں

چھوٹے سکولوں میں پہلے ہی گنجائش انتہائی کم ہے اتنے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ہم کسی بھی اپنے بچوں کی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے سکتے، بچے ہمیں اپنی جان سے زیادہ عزیز ہیں، پرائیویٹ سکولز والے دھمکیوں کی بجائے تجاویز دیں، چھوٹے سکولوں میں پہلے ہی گنجائش انتہائی کم ہے اتنے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے تو ہم کس طرح سکول کھولیں خلاف ورزی کرنے والے سکولوں کا لائسنس منسوخ کر کے قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پرائیویٹ سکولز کی جانب سے تعلیمی اداروں کے کھولنے سے متعلق دھمکیوں پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ سردار یار محمد رند نے کہا کہ بچے ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں ہم جانتے ہیں کہ قوم کا مستقبل تعلیم کے بغیر نہیں بن سکتا، تعلیمی عمل کو اگلے سال پورا کیا جا سکتا ہے لیکن کیا پھر اپنے پیاروں کو واپس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ نے ضلع گوادر سے متعلق معاملے کو قائمہ کمیٹی برائے فنانس کو بھیج دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ نے ضلع گوادر سے متعلق معاملے کو قائمہ کمیٹی برائے فنانس کو بھیج دیا ہے اس سلسلے میں میر صادق سنجرانی نے سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے فنانس کے چیئرمین فاروق ایچ نائیک کو خط بھی لکھ دیا ہے، چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بجٹ سفارشات میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

موجودہ بجٹ عوام دشمن اور مزدور طبقے کی معاشی خودکشی کا بجٹ ہے

ہمارے علاقے میں غربت حدوں کو چھو رہی ہے اور موجودہ خوشنما نعروں تک محدود ہے، سماجی و عوامی حلقے

بھاگ (این این آئی) حکومت نے ملک کو مسائل کے دلدل میں دھکیل دیا عوام دو وقت کی روٹی سے محروم ہو گئے بھاگ کے سماجی و مزدور طبقے نے وفاقی بجٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ بجٹ عوام دشمن اور مزدور طبقے کی معاشی خودکشی کا بجٹ ہے ہمارے علاقے میں غربت حدوں کو چھو رہی ہے اور موجودہ خوشنما نعروں تک محدود ہے مزدور طبقہ دو وقت کی روٹی سے محروم ہے اور وزراء صبح سے شام حکومت کی تعریف کیے نہیں تھکتے حالیہ بجٹ نے وزراء کے دعووں کی نفی کر دی ہے اور یہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر و وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے ڈپٹی اسپیکر یار محمد مومنی ملاقات کر رہے ہیں

ڈھاڈر پولیس کی کامیابیوں کا تسلسل جاری رواں ہفتے چرس برآمدگی کے حوالے سے دوسری بڑی کامیابی مشکوک موٹر سائیکل سے 44 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر لی

بولان (این این آئی) ڈھاڈر پولیس کی کامیابیوں کا تسلسل جاری رواں ہفتے چرس برآمدگی کے حوالے سے دوسری بڑی کامیابی مشکوک موٹر سائیکل سے 44 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کرلی تفصیلات کے مطابق ایس پی لیویز سید جاوید اقبال نقوی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او ڈھاڈر نزیر احمد سیال، ایڈیشنل ایس ایچ او

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کاروبار میں آسانی کیلئے اسٹیرنگ کمیٹی قائم کرنے کی منظوری

کرونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں وقت کا استعمال کر کے کاروباری حضرات کو کیا سہولیات اور آسانیاں مہیا کی جا سکتی ہیں

تمام قواعد و ضوابط کی نقشہ سازی بھی کی جائیگی تاکہ کاروباری حضرات کو گھر بیٹھے تمام معلومات آن لائن دستیاب ہوں

کوئٹہ (ش ن) حکومت بلوچستان نے کاروبار میں آسانی سے متعلق سیل (Ease of Doing Business Cell) کے قیام کی منظوری دیدی ہے، اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، سیل کا باقاعدہ افتتاح جلد وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کریں گے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون فیصل کے قیام کو بلوچستان میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نوٹیفکیشن کے تحت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں ایک اسٹیرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے جسکا اجلاس جلد طلب کیا جائیگا، اجلاس میں یہ لائحہ عمل طے کیا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اسلام آباد امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمن سے سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور شروع ہو گیا

آئندہ مالی سال کے لیئے اطلاعات اور مذہبی امور کے محکموں کے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی منصوبوں کے ویڈیو لنک جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے

ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ وزیر اعلیٰ، کوئلہ کے دیگر امور سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبائی زکوٰۃ کونسل قائم کر دی گئی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے محکمہ اطلاعات کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں صوبائی حکومت کے یوٹیوب چینل اور ریڈیو اسٹیشن کے قیام کے منصوبوں کی تجاویز شامل کرنے جبکہ صوبائی محکمہ مذہبی امور کو ضلعی سطح پر بیت السلام و بلغیر ٹرسٹ کے اشتراک سے قرآن اکیڈمیوں کے قیام کے ساتھ ساتھ وقف جائیدادوں کے بہترین مصرف کو یقینی بنانے کے لیئے منصوبے تجویز کرنے کی ہدایت کی ہے وزیر اعلیٰ، آئندہ مالی سال کے لیئے اطلاعات اور مذہبی امور کے محکموں کے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی منصوبوں کے ویڈیو لنک جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے پارلیمانی سیکرٹری برائے مذہبی امور عبدالرشید بلوچ بھی موجود تھے جبکہ سیکرٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین اور سیکرٹری مذہبی امور بالاچ عزیز نے اجلاس کو اپنے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

حکمرانوں نے بلوچستان کو لاوارث بنا دیا کوئی پوچھنے والا نہیں عوام کے بنیادی حقوق غصب کیا جا رہے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

کرپشن کا بازار گرم ہے ہر طرف اند

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

16 جون 2020ء

کورونا اور حکومتی کارکردگی

وزیر مملکت برائے خزانہ حماد اظہر نے اگلے مالی سال کیلئے 71 کھرب 37 ارب روپے کا وفاقی بجٹ پیش کر دیا ہے۔ اپوزیشن ارکان نے بجٹ سخت تنقید کی اور قومی اسمبلی کے اجلاس سے لاک آؤٹ کیا۔ ایک ایسے وقت میں جب ملک کورونا کی عالمی وبا کا بری طرح شکار ہے صحت کیلئے محض 20 ارب روپے مختص کیا جانا افسوسناک ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہیلتھ ورکرز کیلئے ایک کروڑ روپے تک کا پیکج اعلان کیا ہے جو کورونا کے خلاف نہایت جرات اور بہادری سے لڑنے والے ڈاکٹروں اور ہیلتھ ورکرز کی خدمات کے پیش نظر آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ طویل عرصہ سے مہنگائی ہے کہ بڑھتی ہی جارہی ہے۔ لیکن حکومت نے غریب ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے سے بھی انکار کر دیا۔ کہا جاتا ہے کہ کورونا کی وجہ سے ملک کی معیشت بری طرح متاثر ہوئی ہے اس لیئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ درست نہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کورونا سے نمٹنے میں ہونے والی کوتاہیوں اور خامیوں کی ذمہ داری ملازمین بر نہیں حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہیں بڑھاتے ہوئے ملک کی معاشی صورتحال کا کوئی خیال نے رکھا گیا۔ صدر مملکت نے اپنی تنخواہ میں ازخود اضافہ کر لیا۔ کسی کو معاشی صورتحال کا کوئی خیال نہ آیا۔ سارا بوجھ غریب عوام کے کاندھوں پر ہی کیوں؟۔ کورونا سے نمٹتے ہوئے حکومت کی نااہلی اور سنجیدگی کے فقدان کے باعث آج دنیا پاکستان کو خطرناک ترین ملک قرار دے رہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں پاکستان میں کورونا کے 6 ہزار 472 کیسیز سامنے آتے ہیں جبکہ 88 نئی اموات واقع ہوئی ہیں۔ گزشتہ ہفتے کے اعداد وشمار پر نظر ڈالی جائے تو کورونا کے باعث اموات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ میڈیکل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے 500 سے زائد افراد کورونا سے متاثر ہو چکے ہیں۔ جن میں سوا دو سو ڈاکٹرز 70 کے قریب نرسیز اور ڈیڑھ سو سے زائد دیگر میڈیکل ورکرز شامل ہیں۔ متعدد ڈاکٹرز اور ہیلتھ ورکرز کورونا کا شکار ہو کر دم توڑ چکے ہیں۔ وفاقی بجٹ ملازمین کی تنخواہوں میں عدم اضافہ کورونا سے لڑنے والے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کے ساتھ حکومتی رویے نے مجموعی طور پر پاکستانی عوام کے خلاف اشرافیہ کے بے رحمانہ اور سفاکانہ رویے کو ظاہر کر دیا ہے۔ اور بات اب صاف ہوگئی ہے کہ اشرافیہ کی حکمرانی اور اس کے نظام کی موجودگی میں عوام کا کوئی مسئلہ حل ہونے والا نہیں۔

بلوچستان میں کرونا وائرس کی وبا اور صوبائی حکومت کے اقدامات

قدرتی آفات میں زلزلے، سیلاب، طوفان، خشک سالی وقحط، سمندری طوفان، ٹڈی دل، اور

ڈاکٹر عرفان احمد بیگ، تمغہ امتیاز

وبائی امراض شامل ہیں اور یہ قدرتی آفات اتنی ہی پرانی ہیں جتنا خود انسان بلکہ بعض قدرتی آفات تو انسان سے بھی زیادہ قدیم ہیں اگرچہ یہ ساری آفات ہی تباہ کن ہوتی ہیں اس لیے انسان ان سے خوفزدہ رہتا ہے لیکن دیکھا یہ گیا ہے کہ ان قدرتی آفات میں سے سب سے زیادہ ڈرانے والی آفت وبائی بیماری کی صورت میں ہوتی ہے انسانی تاریخ میں کئی مرتبہ ایسی وبائی بیماریاں آئیں کہ اس کے ایک ہی وار سے کسی ملک یا خطے یا کچھ ملکوں میں کروڑوں کروڑ افراد ہلاک ہوئے، اس بار جب دنیا میں کرونا وائرس نامی وبائی بیماری نومبر 2019 میں چین کے شہر ووہان میں رونما ہوئی شروع تو اسے امریکہ، سمیت پوری دنیا میں خصوصاً سوشل میڈیا کی بنیاد پر عجیب اور قدرے مزاحیہ انداز سے دیکھا لیکن چند روز بعد ہی جب کرونا وائرس چین سے نکل کر دوسرے ملکوں میں آئی تو سب کو تشویش ہوئی چین کے فوراً بعد سب سے زیادہ متاثر ہمارا دوسرا ہمسایہ ملک ایران ہوا جس سے طویل سرحدیں پاکستان میں صوبہ بلوچستان سے ملتی ہیں دنیا میں سب سے بڑی آبادی کے منظم معاشرے اور ون پارٹی سسٹم کی دنیا کی مستحکم حکومت اور ملک چین نے فروری 2019 سے رونما ہونے والی وبائی بیماری کو مکمل اور منظم ترین لاک ڈاؤن کی اسٹریٹجی کو اپنا کر 22 اپریل 2020 تک پوری طرح کنٹرول کر لیا چین سے کرونا کی وبائی بیماری پاکستان نہیں آئی البتہ یہ ضرور ہے اس بیماری نے پہلی دستک بلوچستان میں پاک ایران سرحد تفتان پر دی جب زائرین کو ویزا ختم ہونے پر قانون کے مطابق لازمی پاکستان آنا تھا، اس موقع پر بلوچستان کے وزیر اعلیٰ نے فوری توجہ وفاقی حکومت اور دیگر متعلقہ اداروں کو دلائی اور صوبہ بلوچستان میں 22 فروری سے کوشش کی کہ اپنے محدود وسائل سے زائرین کو پاک ایران تفتان بارڈر پر چودہ دن کے لیے روکے رکھیں تاکہ اس دوران یہ واضح ہو جائے کہ کس کس کو کرونا کی بیماری ہے یوں نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان میں اس کے پھیلاؤ کو روکنے کی کامیاب کوشش کی جائے اور یہ حقیقت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی یہ کوششیں بہت حد تک کامیاب رہیں، وزیر اعلیٰ نے اُس وقت وفاق اور دیگر صوبائی حکومتوں کو بتایا کہ اکثر زائرین کا تعلق دیگر صوبوں سے ہے اور اس کا پورا بوجھ محدود وسائل کے صوبے بلوچستان پر اکیلے نہ ڈالا جائے تقریباً ایک ماہ تک کسی صوبے نے اس مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لیا اور اس دوران ٹرانسپورٹ بھی بلوچستان حکومت نے فراہم کی 23 مارچ کو بلوچستان میں بھی پورے ملک کی طرح لاک ڈاؤن شروع کر دیا گیا یہاں یہ واضاحت بھی ضروری ہے کہ جنوری فروری ہی میں جب کرونا کی وبائی بیماری کی قدرتی آفت رونما ہو رہی تھی تو بلوچستان کے کئی اضلاع میں ٹڈی دل جیسی قدرتی آفت آگئی تھی اور یہاں بھی وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے وفاق اور دیگر صوبوں کو اس کی اطلاعات فراہم کر دیں تھیں پھر 2018 اور 2019 سے بلوچستان کے تقریباً نصف اضلاع خشک سالی کی زد میں تھے یوں بدقسمتی سے بلوچستان کو تین طرح کی قدرتی آفات کا بیک وقت سامنا کرنا پڑا رہا ہے، جہاں تک تفتان بارڈر پر کرونا کے خطرے کا تعلق تھا تو اس سلسلے میں 22 فروری ہی کو وزیر اعظم عمران خان اور وزیر اعلیٰ جام کمال خان کے درمیان مسئلے سے نمٹنے کے لیے مشاورت ہوئی تھی اور وزیر اعلیٰ نے جس انداز سے محدود وسائل کے تحت بلوچستان سے زائرین کو پورے ملک میں اپنے گھروں کو بھیجا اور مسئلے کو حل کیا اس کا اعتراف وزیر اعظم عمران خان سمیت وفاقی حکومت، اور فوج نے کیا، اس کی ایک اہم اور بنیادی وجہ یہ تھی کہ بلوچستان متنوع لسانی اور مذہبی مسالک رکھنے والے معاشرے کا صوبہ ہے اور یہاں کرونا کے مسئلے کے ساتھ ساتھ اُن دشمن عزائم رکھنے والوں کی سازشوں کو بھی ناکام بنانا تھا جو معاشرتی سماجی تنوع کے حسن کو تضادات اور تنازعات میں تبدیل کر کے صوبے اور ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے، مارچ تک وزیر اعلیٰ نے اس بنیادی مسئلے کو حل کیا، اور ساتھ ہی بلوچستان میں کرونا کی وبائی بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کی کامیاب کوشش کی اور یہ بھی تلخ حقیقت ہے کہ ماضی کی طرح اس بار بھی اس مسئلے کے اعتبار سے سب سے بڑا چیلنج بلوچستان کے لیے رہا اس کی ایک بنیادی وجہ یہ ہے کہ بلوچستان ملک کے کل رقبے کا 43.6% ہے اس لیے جب کبھی بھی کوئی قدرتی آفت آتی ہے تو یہ رقبے کی بنیاد پر ملک میں سب سے زیادہ بلوچستان کو متاثر کرتی دو برس پہلے کی خشک سالی سے بلوچستان کے تمام 33 اضلاع متاثر ہوئے اور اب ٹڈی دل سے ملک کے تقریباً 56 اضلاع شدت سے متاثر ہوئے ہیں جن میں سے 33 اضلاع بلوچستان کے ہیں یہ درست ہے کہ کرونا کی وبائی بیماری سے آبادی زیادہ متاثر ہوئی اور چونکہ بلوچستان میں ملک کی کل آبادی کا صرف 6% آبادی ہے اس لیے یہاں یہ وبائی بیماری بھی اسی تناسب ہے مگر اس حقیقت کو وفاقی اور باقی صوبوں نے تسلیم کیا ہے بیرون ملک سے واپس آنے والے لاکھوں پاکستانیوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے اور زمینی راستے سے ان کی اکثریت بلوچستان ہی سے ملک میں آرہی ہے اور پاکستان واپس آنے والوں کی 95% اکثریت دوسرے صوبوں کی ہے اور پھر نہ صرف پاک ایران بارڈر تفتان کے مسائل کو کرونا وائرس کی بنیاد پر بلوچستان کی صوبائی حکومت حل کر رہی ہے بلکہ کراچی اور اب گوادر کی بندرگاہوں سے افغانستان کو رہداری اور تجارت کی سہولت پاکستان نے دے رکھی ہے اُس اعتبار سے بھی بیشتر مسائل کو کرونا کی وبائی بیماری کے تناظر میں بلوچستان کی صوبائی حکومت نے ہی حل کیا ہے اور یہ سلسلہ ابھی جاری ہے تفتان اور چمن بارڈر پر جو مسائل پیش آتے رہے اُن کو بھی وزیر اعلیٰ جام کمال بہت خوش اسلوبی سے حل کرتے رہے ہیں یوں اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ کرونا کی وبائی بیماری کے جو بین الاصوبائی اور بین الاقوامی مسائل ہیں وہ بھی بلوچستان کو اپنے وسیع رقبے کی بنیاد پر حل کرنے پڑ رہے ہیں بلوچستان کے وزیر اعلیٰ کو دکھ بھی ہے کہ قدرتی آفات کے موقعوں پر بلوچستان اپنے وسائل سے دوسرے صوبوں اور وفاق کو بھی کافی بوجھ اٹھا رہا ہے لیکن اس کے لیے فی الحال وفاق کی جانب سے کوئی خصوصی گرانٹ یا مخصوص فنڈ نہیں دیا جا رہا اور نہ ہی دوسرے صوبے اس کا ادارک اور احساس کر رہے ہیں، بلوچستان میں بھی کرونا دوسرے صوبوں کی طرح بیرون ملک ہی سے آیا اور پھر مقامی طور پر یہ وبا بڑھی 14 جون 2020 کو جب یہ سطور لکھی جا رہی تھیں تو اُس وقت بلوچستان بھر میں کرونا کے کنفرم کیسز کی تعداد 8028 تھی 2795 صحت یاب ہو چکے تھے اور 83 اموت اب تک کرونا سے ہو چکی ہیں جن میں چند ڈاکٹر پیرا میڈیکل اسٹاف اور فورسز کے شہید بھی شامل ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ایسے تمام شہدا کو نہ صرف خراج عقیدت پیش کیا بلکہ سرکاری طور پر ان کے پسماندگان امدادی بھی کی وزیر اعلیٰ روزانہ ہی سب سے زیادہ ترجیح کرونا ہی کے مسئلے کو دیتے ہیں اور اس مسئلے کے حل کے لیے کم سے کم آٹھ سے دن کے اندر اعلیٰ سطحی اجلاس کرتے ہیں اس حوالے سے تازہ اجلاس 8 جون 2020 کو وزیر اعلیٰ ہی کی صدارت میں ہوا اتھا جس میں پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر رباب بلیدی، سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس، سیکرٹری خزانہ ایڈیشنل آئی جی سیکرٹری اسپورٹس، انچارج ریجنل بلڈ سنٹر ڈی جی پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی، ڈی جی صحت، ڈی جی زراعت، ڈی جی تعلقات عامہ، اور ماہرین صحت خصوصاً ریسرچ کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے شرکت کی جنکے مطابق بلوچستان میں کرونا مسئلہ دوسرے صوبوں کے مقابلے میں کنٹرول میں تھا اور اموات کی تعداد کم ہوئی تھیں سہولتوں کے اعتبار سے بتایا گیا کہ کوئٹہ کے فاطمہ جناح ہسپتال میں 1500 افراد کے شیخ زید ہسپتال میں 50 افراد اور بی ایم سی میں 24 افراد کے لیے ٹیسٹ کی سہولت موجود ہے شعبہ صحت کی جانب سے بتایا گیا صوبے میں 29919 وی ٹی ایم اور 21037 ٹیسٹنگ کیٹ موجود ہیں ایڈیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی 10 ایکسرے مشینیں فراہم کر رہی ہے اسی طرح خضدار تربت اور ژوب کو ٹیسٹنگ کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے اور آئی یو سی یو ڈز ضروری آلات، اور مشنری کے لیے فنڈز بھی جاری کئے جا چکے ہیں حال ہی میں کرونا وائرس کی وبائی بیماری سے صحت یاب ہونے والے افراد کے خون کے پلازمہ سے تھراپی کے طریقہ علاج سے اموات کا تناسب مزید اور کافی کم ہوا ہے ریجنل بلڈ سنٹر کے انچارج ڈاکٹر فاروق احمد نے بتایا کہ یہ سنٹر ملک کے نو سنٹرز میں سے ایک ہے اور صوبے کا واحد سنٹر ہے جہاں سے کرونا میں مبتلا افراد جب صحت یاب ہو جاتے ہیں تو اُن کی مرضی سے اُن سے خون کے پلازمہ کا عطیہ لیا جاتا ہے یہ خون کا پلازمہ دوسرے کرونا کے مریضوں کے لیے فراہم کیا جاتا ہے، کرونا وائرس کے سماجی اثرات اور کنٹرول کے اعتبار سے سیکرٹری خزانہ نور الحق بلوچ نے بلا سود قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے بتایا کہ 3366 درخواستیں وصول ہوئی تھیں 2459 کی منظوری ہوئی اور 8 جون تک 1617 افراد کو 3 کروڑ 22 لاکھ 45 ہزار روپے کے قرضے فراہم کر دیئے گئے صوبے میں خوراک کی سپلائی کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے انچارج کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر عمران بگٹی نے دال، چینی اور دیگر اشیا خوردنی کی دستیابی کی صورتحال کو اطمینان بخش قرار دیا انہوں نے وزیر اعلیٰ کو بتایا کہ گندم کی خریداری جاری ہے اور ساتھ ہی صوبے میں ڈینگی ملیریا اور ٹڈی دل کے خطرات سے آگاہ کیا، یہ بھی طے پایا کہ سرکاری ہسپتالوں میں محدود پیمانے پر او پی ڈی کھول دی جائے لاک ڈاؤن کی صورتحال کے بارے میں طے پایا کہ ایس او پی پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف سخت اور بلا امتیاز کاروائی کی جائے وزیر اعلیٰ نے ایم ایس ڈی کو فوری ہدایت کی کہ ریجنل بلڈ سنٹر کو فوراً ادویات اور دیگر اشیا فراہم کی جائیں انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے فوری اور بروقت اقدامات نہ کئے جائیں تو پھر حکومت کی کارکردگی پر سوالات اٹھتے ہیں اس لیے تمام محکموں کو فوری اقدامات کرنے ہوں گے اور خصوصاً ان حالات میں فیصلوں پر عملدرآمد میں ذرا سی تاخیر برداشت نہیں کی جائے وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے آخر میں کرونا سے شہید ہونے والوں کے لیے دعا مغفرت اور کرونا سے لڑنے والوں کے لیے جرات وشجاعت کی دعا کی کرونا کے مسئلے نے فروری میں بلوچستان کے دروازے پر دستک دی تھی اُس وقت سے وزیر اعلیٰ جام کمال متواتر اس مسئلے اور دیگر مسائل کے خلاف اپنی تلخ صوبائی حکومت کے اراکین اور عوام کے تعاون سے جہد وجہد میں مصروف ہیں اُنہوں نے قومی سطح پر بھی کرونا کی روک تھام میں اہم ترین کردار ادا کیا اور صوبے میں بھی کرونا کو محدود سے محدود کرنے کی کامیاب کوشش کر رہے ہیں جام کمال خان نے آفت کے اس دور میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ بلوچستان نے قومی سطح پر کرونا کی روک تھام میں پچاس فیصد حصہ ڈالا اور اسی طرح ملک بھر میں کرونا کی روک تھام کے اعتبار سے قومی سطح پر جام کمال خان اہم ترین شخصیت قرار پاتے ہیں۔

گورکھ دھندہ

بجٹ کو سمجھنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ خاص کر عوام الناس اور بالخصوص لوئیر کے سرکاری ملازمین کو تو بالکل سمجھ نہیں۔ آتا انھیں تو صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ مہنگائی بڑھی ہے اور بس۔۔۔۔۔۔ دراصل بجٹ ہے ہی ہندوؤں کا گورکھ دھندہ اس کی سمجھ تب آتی ہے

جب سرکاری ملازمین کو ماہوار تنخواہ میں ملتی ہے۔ اس بار بجٹ 2020 میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکومت کا یہ فیصلہ کچھ برا نہیں ہے۔ مشکل معاشی حالات کے پیش نظر سرکاری ملازمین کو بھی کچھ قربانی دینی چاہیئے۔ مگر اس سال جن خاص محکموں کو 300 فیصد پروجیکٹ الاؤنس 150 فیصد ایگزیکٹو الاؤنس 100 فیصد سیکرٹریٹ الاؤنس 100 فیصد یوٹیلیٹی الاؤنس 150 فیصد FIA الاؤنس اور پروفیشنل الاؤنس وغیرہ سے نوازا گیا ہے اسے بھی واپس لینا چاہیے۔۔۔ بجٹ میں عام ملازمین کا استحصال کرنا ہی ضروری ہے کیا؟؟؟؟

صحت کا بجٹ 25 ارب روپے، کل آبادی 22 کروڑ فی بندہ 113 روپے۔

اب آپکی مرضی اس سے سنا کی لیں یا اپنا دیکھ لیں۔ جب آپ سال بھر خاص ملازمین کو بے لاگ نوازتے جائیں گے اور بجٹ میں IMF یا خراب معاشی حالات کا بہانہ بنا کر عام ملازمین کا استحصال کریں گے تو نہ صرف عام ملازمین کے دلوں میں امتیازی سلوک کا احساس اجاگر ہوگا بلکہ حکومت کے لیے دلوں میں نفرت بھی پیدا ہوگی۔۔۔

سپورٹران کب تک آپ کی زیادتیوں کا دفاع کرتے رہیں گے خاص محکموں کو 300 فیصد پروجیکٹ الاؤنس 150 فیصد ایگزیکٹو الاؤنس 100 فیصد سیکرٹریٹ الاؤنس 100 فیصد یوٹیلیٹی الاؤنس 150 فیصد FIA الاؤنس اور پروفیشنل الاؤنس وغیرہ سے نوازا گیا ہے اسے بھی واپس لینا چاہیے۔۔۔ بجٹ میں عام ملازمین کا استحصال کرنا ہی ضروری ہے کیا؟؟؟؟؟

جب آپ سال بھر خاص ملازمین کو بے لاگ نوازتے جائیں گے اور بجٹ میں IMF یا خراب معاشی حالات کا بہانہ بنا کر غریب ملازمین سے زیادتی کرتے رہیں گے

وفاقی بجٹ 2020-2021 اہم نکات

تمباکو 20 فیصد مہنگا۔ کپڑا 34.10 فیصد مہنگا جوتا 34.10 فیصد مہنگا

نئے بجٹ کا حجم 7 ہزار 294 ارب روپے مقرر، دستیاب مالی وسائل کا تخمینہ 8 ہزار 314 ارب لگایا گیا۔

انفورکشن موٹر سائیکل رکشا اور 200cc موٹر سائیکل پر ایڈوانس ٹیکس ختم، پیٹرولیم مصنوعات میں 70 ارب کا ریلیف دیا گیا بنا شناختی کارڈ سے خریداری کی حد 50 ہزار سے بڑھا کر 1 لاکھ کر دی گئی، ڈبل کیبن اور SUV گاڑیوں پر ٹیکس میں اضافہ۔

پاکستان میں تیار ہونے والے موبائل۔ فونز پر عائد ٹیکس میں کمی۔

امپورٹڈ سیگریٹ، بیٹری، اور سگار کی قیمتوں پر عائد ایکسائز ڈیوٹی 65 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد کر دی گئی بچوں کے ڈائپرز اور ڈائٹ فوڈز پر درآمدی ٹیکس ختم۔

فنکاروں کی مالی امداد کیلئے ارٹسٹ فنڈ کی رقم 25 کروڑ سے بڑھا کر 1 ارب کر دی گئی، سٹیٹ بنک نے پالیسی ریٹ 25.13 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کر دیا ہے۔

سال کا جاری مالی اکاؤنٹ خسارہ 73 فی صد کم ہوا۔

تجارتی خسارہ 21 ارب سے 9 ارب ڈالر رہ گیا۔ مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ایف بی آر ریونیو میں 17 فیصد اضافہ ہوا۔ 6 ارب ڈالر کے بیرونی قرضے ادا کیے گئے۔ ماضی کے قرضوں پر 5000 ارب سود دیا 10 لاکھ پاکستانیوں کیلئے بیرون ملک ملازمت کے مواقع پیدا کیے گئے۔ موڈیز نے ہماری معیشت کی درجہ بندی میں اضافہ کیا۔ رائیو مالیاتی سال میں 1600 ارب روپے کا ریونیو اکٹھا کرنے کا ہدف رکھا گیا

آئی ایم ایف نے 6 ارب ڈالر کی خطہ زیر ہیلتی کی منظوری دی ہے۔

احساس پروگرام سے 8 لاکھ 20 ہزار جعلی افراد کو نکالا گیا۔

پاکستان کی بزنس رینکنگ میں 136 سے 108 نمبر پر ترقی ہوئی

کورونا کی آفت سے پاکستانی معیشت کو شدید دھچکا لگا۔ جی ڈی پی گروتھ ریٹ اور سرمایہ کاری کو نقصان پہنچا جی ڈی پی میں 3390 ارب روپے کمی ہوئی۔ جی ڈی پی کی شرح نمو 3.3 فیصد سے کم ہو کر منفی 4.0 فیصد پر آئی۔ جی ڈی پی کا مجموعی بجٹ خسارہ 1.7 فیصد سے 1.9 فیصد بڑھ گیا۔ وفاقی کا ریونیو ٹیکس کلیکشن 102 ارب روپے کم ہوا۔ چھوٹے کاروبار کیلئے 3 ماہ کیلئے 96 ارب کی رقم پر فیصد کم سود پر دی گئی۔ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جائیگا۔ احساس پروگرام کا عمل جاری رکھا جائیگا۔ احساس پروگرام کے بجٹ کی مختص رقم 187 ارب سے بڑھا کر 208 ارب روپے کر دی گئی۔

توانائی، خوراک اور دیگر شعبوں کیلئے 180 ارب روپے کی سبسڈی مقرر۔

انکم ٹیکس کی ریلیکشن کی رقم 60 ارب سے بڑھا دی گئی۔

شدید گرمی اور "کے الیکٹرک" کی جانب سے بریفنگ شٹ ڈاؤن کے بائث بیلہ، اوتھل، ہنگلہ اور لاکھڑا کے صارفین دوہرے عذاب میں مبتلا

پانی کے بعد آج کل بجلی کا شمار بنادی ضروریات میں ہوتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں بجلی کے جانے یا طویل شٹ ڈاؤن کا تصور بھی نہیں ہے لیکن وطن عزیز میں بجلی کا جانا روز کا معمول ہے۔ سردیوں میں

جاوید لاسی
E-mail:-javedlasi7655@gmail.com

جب "کے الیکٹرک" کی جانب سے ایک دن چھوڑ کے ایک دن شٹ ڈاؤن ہوتا تھا تو جب لسبیلہ خاص کر بیلہ، اوتھل، ہنگلہ اور لاکھڑا کے عوام، سیاسی جماعتوں کے مقامی رہنما اور زمیندار اپنے رد عمل کا اظہار کرتے تو "کے الیکٹرک" کے ترجمان اور ایک سیاسی جماعت کے کارکن یہ خوشخبری سناتے کہ سیکیورٹیز کا کام ہو رہا ہے یہ تکلیف برداشت کریں انشاء اللہ رمضان اور آنے والی گرمیوں میں شٹ ڈاؤن نہیں کیا جائے گا اور بجلی کا نظام بھی بہتر ہو جائے گا۔ لیکن پھر سب نے دیکھا کہ رمضان اور اس کے بعد بھی جب کہ ان علاقوں میں شدید گرمی ہے جب کہ بیلہ میں پارہ 50 کو چھو رہا ہے۔ شدید قیامت خیز گرمی اور ہر ہفتے ایک یا دو بار شٹ ڈاؤن نے بیلہ، اوتھل، ہنگلہ اور لاکھڑا کے عوام کو دوہرے عذاب میں مبتلا کر دیا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ مقامی سطح پر اب پہلے سے بجلی کا نظام بہت بہتر ہے اور لاک ڈاؤن میں بھی "کے الیکٹرک" کا عوام کو بجلی فراہم کرنے کا عین اور لوکل سسٹم بہت بہتر تھا۔ لیکن مئی، جون کی شدید گرمی میں شٹ ڈاؤن کرنا عوام کے لیے اذیت ناک ہے۔ بیلہ، اوتھل، لاکھڑا کے بجلی صارفین نے "کے الیکٹرک" کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شدید گرمیوں میں شٹ ڈاؤن کو ختم کیا جائے یا اس کا دورانیہ کم کیا جائے۔ تاکہ بجلی صارفین کی مشکلات کا تدارک ہو سکے۔

بے کار سیاسی ورکر

بے کار سیاسی ورکروں کو نہ کام نہ دھندہ صبح سے لیکر رات تک کبھی اس ہوٹل میں کبھی اس ہوٹل میں بیٹھ کر گپ شپ لگا کر دن گزاری کرتے ہوئے ایک دوسرے سیاسی جماعتوں کے ورکروں سے بحث مباحثے کے

عنایت اللہ رگام

ساتھ اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے ایک دوسرے کے قائدین کو تنقید کرتے ہیں جب رات کو گھر جاتے ہیں اپنی بنائی ہوئی فیک آئی ڈیز میں گالم گلوچ کے پوسٹ لگاتے ہیں اپنے دوسرے فیک آئی ڈی سے پوسٹ کو لائک کمنٹس تعریفی کلمات لکھتے ہیں پوسٹ کو بار بار شیئر کرتے ہیں دوسرے دن یہی گالم گلوچ کرنے والے ہوٹلوں میں بیٹھے ہوئے محو گفتگو ہوتے ہیں اپنی دی ہوئی پوسٹ پر تجزیے، تبصرہ کرتے ہیں خوشگوار موڈ میں ہیں یہی بے کار سیاسی ورکر پتہ نہیں روزانہ کتنی بار خود چائے پیتے ہیں دوسروں کو پلاتے ہیں کبھی یہاں کبھی وہاں پکنک منانے جاتے ہیں سال میں دو، تین دفعہ دوسرے شہروں میں سیر و تفریح کے نام گھومنے جاتے ہیں، ان کے فیس بک، وٹس ایپ گروپ ان کی ان چیزوں کی گواہی دیتے ہیں، یہ صرف چائے نہیں پیتے ہیں سگریٹ، تمباکو نوشی کے ساتھ وہ بھی کرتے ہیں، دوسروں کے تھرانے میں شرکت کرتے ہیں بے شمار تھرانوں میں شرکت تو کرتے ہیں کبھی اپنے تھرانوں میں نظر نہیں آتے ہیں دیتے نہیں نظر کیسے آتے ہیں بلوچی میں ان کو دسترخوان کے پیٹی، دسترخوان کے بلی کہتے ہیں دسترخوان کے بلی ہمیشہ ماؤں ماؤں کرتی رہتی ہے خبر بات کہاں سے کہاں گئی، اصل موضوع پر آتے ہیں بے کار سیاسی ورکروں کے موبائل فیچر ان کے پاس دو دو موبائل 4، 5 سمیں ہوتے ہیں ان کے موبائل پیکج ہی پیکج ہوتے ہیں، بغیر پیسے کے پیکج نہیں ہوتے ہیں، ان کے پاس گاڑیاں اور موٹر سائیکل ہیں گاڑی موٹر سائیکل پانی سے نہیں تیل سے چلتے ہیں تیل کیلئے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے، تمام سیاسی جماعتوں کے ضلعی تحصیلی لیڈر شپ سرگرم کارکن یا تو بے روزگار یا تو فورتھ کلاس کا سرکاری ملازم، ان کی کشش پیٹی، چال ڈھال دیکھیں لگتے نہیں، یہ بے روزگار، یا کسی محکمے میں چوکیدار، نائب قاصد، یا ناؤن میں خاکروب ہیں 15، 16 ہزار روپے تنخواہ لینے والے کی آسودگی دیکھو سوال اٹھتا ہے، ان پر مہربان کون؟ ان کو کون دے رہا ہے، ان سے پوچھا جائے، آپ کو کون دے رہا ہے جواب ہوگا، اللہ تعالیٰ، بالکل دینے والی ذات اللہ تعالیٰ، آپ کو سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کو کس نے بتایا ہے، اللہ تعالیٰ نے، دینے اور بنانے والی ذات ہے اللہ تعالیٰ نے کسی کو ایم این اے، ایم پی اے اہم عہدہ دیا ہوا ہے میں نے اور آپ نے نہیں، ان کا فٹ جواب ہوگا، ہمارے ووٹوں سے منتخب ہوئے ہیں آفیسران کو ہماری ٹیکسوں سے تنخواہ ملتی ہے ہمارے ووٹوں سے منتخب ہونے والے الیکشن مہم کے دوران گھر گھر جا کر منت سماجت کرتے ہیں پیسے پانی کی طرح بہاتے ہیں تلخ ترش باتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے ہیں باتوں کا جواب مسکرا کر دیتے ہیں آپ لوگوں کے کپڑے دوسرے استری کرتے ہیں جوتوں کو موچی سے پالش کرواتے ہو، دوپہر، رات کھانا تیار ہوتا ہے جا کر کھاتے ہو، ایک چیز تسلیم کرنا پڑتا ہے جو کھاتے ہو پہنتے ہو، استعمال کرتے ہو، کاٹن شائن ہو، قیمتی موبائل ہاتھوں میں ہیں ہمیشہ پیکج ہیں یہ محنت کے پیسے نہیں ہے یہ جو روز بک بک کرتے ہو مفت میں نہیں، کسی کام کے عوض میں، بے کار سیاسی ورکروں کو سیاسی، قبائلی سربراہان اپنی مشہوری، اپنی تعریف کرنے، مخالفین کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے، گالم گلوچ کرنے کے عوض میں خیالداری کرتے ہیں خیالداری ان کو اندھا بنا دیتی ہے نہ ان کو اپنی عزت کا خیال ہوتا ہے نہ دوسروں کی عزت کا پرواہ کرتے ہیں جو بس آقا کا حکم ہو، ہر ایک کے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتے ہیں دھونس دھمکیاں دیتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں یہ کون ہیں بندوں کے بندے ہیں جو بندوں کے بندے ہوتے ہیں بندوں کی تعریف کرتے ہیں جو اللہ کے بندے ہوتے ہیں وہ اللہ کی تعریف کرتے ہیں بلوچستان میں جتنے فیک آئی ڈی بنائے گئے ہیں ان بنانے والے اپنے اپنے حلقوں میں ہارے ہوئے سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کی ہے سیاسی میدان میں مقابلے نہ کرنے کی پوزیشن میں ہیں فیک آئی ڈی بنا کر بے بنیاد الزامات لگاتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کر رہے ہیں ایسے الفاظ کے استعمال پا نہیں رہے ہیں بلکہ کھو رہے ہیں بس ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ ان ہدایت دے۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

آخر وہی ہوا، جس کا ڈر تھا

قادر خان یوسف زئی

کرونا وبا کی روک تھام کے لئے عالمی ادارہ صحت کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی ذمے داری کس پر عائد ہونی چاہیے، اس کا جواب عوام سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔ یہ وفاقی حکومت کی ذمے داری ہے کہ بیرون ملک آنے والے شہریوں کو سیکورٹی کے لحاظ سے چیک کرے اور پھر کرونا کے بعد ان کے فرائض بڑھ گئے کہ کرونا متاثرہ شہری حکومتی نگرانی کے بغیر آبادی میں داخل نہ ہونے پائے۔ اس امر میں کسی شک وشبے کی گنجائش نہیں رہی کہ کرونا وائرس، پاکستان میں پیدا نہیں ہوا، بلکہ بیرون ملک شہریوں کی زمینی وفضائی راستوں کی آمد کی باعث پھیلا۔

وفاقی وصوبائی حکومتو

شال بقیہ 1

خان مندوخیل اور جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل بنچ نے آئینی درخواست نمبر 85/2016 میں دوران سماعت جاری کیا سماعت کے دوران سکریٹری سی اینڈ ڈبلیو نورالامین مینگل اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی پیش ہوئے تو چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم مانتے ہیں یہ ہماری کمزوری ہے کہ ہم افسران کا خیال رکھتے ہیں کہ یہ ہمارے اپنے آفیسر ہے اور ان کا خیال رکھنا ہے لیکن اب عدالت کو سختی کرنی ہوگی تاکہ یہ ہمارے آرڈرز پر عمل درآمد کریں سختی کے بغیر یہ نہیں کرینگے۔ صوبائی حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی صوبائی حکومت کوئی بھی کام صحیح نہیں کررہی ہے اور سارا دن کورٹ اپنے کاموں کو چھوڑ کے صرف اور صرف صوبائی حکومت کے مسائل کو دیکھتا ہے یہ حکومت کی نالائقی ہے اگر حکومت اپنے طور پر اپنے مسائل کو حل کریں تو یہاں تک نوبت نہ پہنچتی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ پہلے لوگ پیسے کمانے کیلئے دوبئی جاتے تھے لیکن اب پاکستان میں جس کو بھی پیسہ کمانا ہو تو وہ کوئٹہ آتے ہیں اور مزے سے پیسے کما کر جاتے ہیں اور ہمیں یہ بھی پتہ ہے کہ یہ لوگ ٹائل، اسٹرو ٹف کیوں لگاتے ہیں، کنکریٹ کیوں کرتے ہیں چیف جسٹس نے سماعت کے دوران کمشنر کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے عدالت سامنے غلط بیانی کرتے ہیں۔ آپ نے جب سے ہمارے سامنے غلط بیان دو گے احتیاط سے دینا دینا غلط بیانی سے کام نہیں لینا جس طرح آپ نے عدالت کے سامنے غلط بیانی کی تھی کہ میں نے کوئی بھی کام نہیں کیا اور سب کام آپ کررہے ہو۔ عدالت ایڈوکیٹ جنرل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بتائیں کہ کمشنر کوئٹہ کس طرح پروجیکٹ ڈائریکٹر لگ سکتا ہے؟ کل عدالت کو اس بابت تحریری طور پر مطمئن کیا جائے کہ کمشنر قانونی طور پر پی ڈی لگ سکتا ہے یا نہیں؟ کمشنر کوئٹہ نے عدالت کو بتایا کہ انہوں نے ستمبر میں لکھ کر دیا ہے کہ ان کو اس عہدے سے ہٹایا جائے لیکن حکومت ان کو نہیں ہٹا رہی کورنا کیلئے بھی مخصوص زبانی جمع خرچ سے کام لیا جارہا ہے میرے اپنے کورنا ٹیسٹ میں تاخیر ہوئی تو پتہ چلا کہ صرف اس وجہ سے ہوا کہ ٹیسٹ کے چارجز مجھے ادا نہیں کیں ہیں اور دوسرے اور پتہ چلا کہ وہاں جنریٹر خراب ہے اور حکومت کہہ رہا ہے کہ کورنا سے لڑینگے۔ اور صوبائی ترجمان جس دن کسی خرابی ٹیسٹ کم ہوتے ہیں کہتا ہے کہ یہ ہماری کامیابی ہے کورنا کے پازیٹیو ٹیسٹ کم آرہے ہیں آج ہماری کامیابی ہے۔ عدالت احکامات کی خلاف ورزی پر عدالت عالیہ بلوچستان نے سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نورالامین مینگل، کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی، ایکسین سی اینڈ ڈبلیو وسیم حیدر، ایکسین اسلم زہری کو توہین عدالت کے نوٹسز جاری کردیئے گئے ہیں۔

شال بقیہ 2

رکھا جاسکے۔ وزیر اعظم نے کورونا مریضوں کے استعمال میں آنے والی چند ادویات اور انجیکشنز کی دستیابی میں مشکلات کا نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین این ڈی ایم اے کو ہدایت کی کہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ مطلوبہ ادویات اور انجیکشن باآسانی میسر ہوں۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت ہونے والے کورونا کی صورتحال کے حوالے سے جائزہ اجلاس میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر، وزیر داخلہ اعجاز شاہ، وزیر برائے صنعت و پیداوار محمد حماد اظہر، مشیر خزانہ ڈاکٹر حفیظ شیخ، معاون خصوصی برائے اطلاعات لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، نوکل پرسن برائے کوویڈ ڈاکٹر فیصل سلطان، چیئرمین این ڈی ایم اے اور سینئر افسران شریک ہوئے ۔ اجلاس میں کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال، آئندہ چند دنوں کے تخمینوں اور صورتحال سے نمٹنے کے لئے کیے جانے والے اقدامات پر غور کیا گیا جبکہ ملک کے مختلف صوبوں میں کورونا مریضوں کے لئے موجود بیڈز، آکسیجن، وینٹی لیٹرز اور سہولیات کی موجودہ صورتحال اور اس میں اضافے کے لئے کیے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

شال بقیہ 3

کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ایک متاثرہ افراد کی تعداد 8327 ہوگئی ہے جبکہ مجموعی طور پر صوبے میں 38196 افراد کے ٹیسٹ کئے جاچکے ہیں جن میں سے 29869 افراد میں وائرس کی تصدیق نہیں ہوئی جبکہ 1200 ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں صوبے میں ایک کورونا وائرس سے 85 تصدیق شدہ جبکہ 58 مشتبہ اموات بھی ہوئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں ایک مقامی طور پر منتقل ہونے والے وائرس کی شرح 98 فیصد ہے کوئٹہ میں ایک 6640، جعفر آباد میں 200، قلعہ عبداللہ میں 147، مستونگ میں 146، پشین میں 140، خضدار میں 123، لورالائی میں 101، لسبیلہ میں 96، قلعہ سیف اللہ 85، پنجگور میں 65، ژوب 63، چاغی میں 62، ہرنائی میں 59، قلات میں 47، نوشکی میں 34، پنجگور میں 29، جھل مگسی میں 22، برناٹی میں 18، بھبت پور میں 25، گوادر میں 13، زیارت میں 11، خاران، ہوشی ٹیل، آواران میں 6، 6، نصیر آباد میں 5، کیچ میں 4 جبکہ کوہلو، واشک، دکی میں ایک ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 57 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد ایک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 2916 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 4

محاصل سے 295 ارب 21 کروڑ روپے ملے تھے لیکن آئندہ مالی سال برائے 2020-21ء کیلئے صرف 265 ارب روپے ملیں گے جو کہ رواں مالی سال کے مقابلے میں 29 ارب 92 کروڑ روپے کم ہوں گے ،بجٹ دستاویزات کے مطابق جن مدات میں رواں مالی سال کے مقابلے میں وسائل کم ملیں گے ان میں کسٹم ڈیوٹیز کی مد میں 17 ارب 99 کروڑ سیلز ٹیکس اور سروسز پر جی ایس ٹی کی مد میں 9 ارب 47 کروڑ روپے جبکہ ٹیکس انکم کی مد میں یہ کمی ایک ارب 83 کروڑ روپے سے زیادہ کی ہے ،دوسری جانب ماہرین کے مطابق وفاق سے کم فنڈز ملنے کے باعث بلوچستان کی مالی مشکلات میں اضافہ ہوگا جبکہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے این ایف سی ایوارڈ میں کمی کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پہلا اقدام نہیں ہے شروع دن سے پاکستان بنا ہے چھوٹے صوبوں کے حقوق غصب کئے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 5

جائزہ لیکر مستقبل کے حوالے سے فیصلہ کیا جائیگا، صوبائی ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں احتیاطی تدابیر کی خلاف ورزی پر 700,26 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اور اب تک 1199 دوکانوں سیل کی گئی ہیں، لیاقت شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان میں پلازمہ تھراپی سے کورونا کے آٹھ مریض صحت یاب ہوئے ہیں، پلازمہ تھراپی کے لئے مزید کٹس خریدنے کا فیصلہ کیا ہے، انہوں نے کورونا سے صحتیاب ہونیوالے افراد سے اپیل ہے کہ وہ اپنا پلازمہ کا عطیہ کریں، صوبے میں پلازمہ تھراپی سے صحتیابی کی شرح میں اضافے کا امکان ہے انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا کیلئے کیلئے تین نئی لیبارٹریاں قائم کردی ہیں،،، ٹیلی میڈیسن کا طریقہ علاج بھی شروع کردیا گیا ہے، محکمہ صحت کے پاس وینٹیلیٹرز کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ صوبے میں کورونا سے مصدقہ اموات کی تعداد 85 ہے، بلوچستان میں مجموعی طور پر اموات میں 300 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، اموات میں اضافہ کی شرح کورونا وائرس کی وجہ سے ہوگی ہے، ٹڈی دل کے حوالے سے صوبائی ترجمان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹڈی دل کے تدارک کیلئے پاک فوج کے تعاون سے مختلف علاقوں میں فضائی سپرے جاری ہے، این ڈی ایم اے اور دیگر صوبے اپنی توانائیاں ٹڈی دل کے بلوچستان میں ختم کرنے پر صرف کریں، انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان ٹڈی دل کے حوالے فرنٹ پر ہے، ایران سے ٹڈی دل پہلے یہاں آئیں گی، صوبائی ترجمان نے کہا ہے کہ ہمیں امید ہے کہ کوئٹہ سے چینی ممالک کیلئے پروازوں کا سلسلہ شروع کردیا جائیگا۔

شال بقیہ 6

سراہتے ہوئے اور صوبائی وزیر داخلہ کے بھرپور تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ ان 10 ٹریکٹرز کے آنے سے محکمہ زراعت کی استعداد کار میں اضافہ ہوسکے گا اور وہ بہتر انداز میں ٹڈی دل سے نبرد آزما ہوسکیں گے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے حکومت بلوچستان اس امر سے بخوبی واقف ہے کہ ٹڈی دل نے زراعت و زرعی شعبے پر انتہائی منفی اثرات مرتب کیے ہیں ایک طرف کاشتکاروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے تو دوسری جانب فوڈ سیکورٹی کا سنگین مسئلہ بھی درپیش ہوگا جو کہ کسی چیلنج سے کم نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی ہدایت کی روشنی میں تمام متعلقہ محکمے ٹڈی دل کے خاتمے کے لیے خاطر خواہ اقدامات اٹھا رہے ہیں جبکہ پی ڈی ایم اے کا تعاون ہر سطح پر متعلقہ محکموں کے ساتھ ہوگا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے ابھی تک میں ٹڈی دل سے فصلوں کو کو بھرپور نقصان پہنچا ہائی رسک اضلاع میں مسلسل نگرانی کیلئے ٹیمیں دن رات کام کر رہی ہیں صوبائی حکومت نے ٹڈی دل کے حملے سے فصلوں کو محفوظ کرنے کیلئے لوکسٹ سرویلنس اینڈ کنٹرول اسٹریٹیجی تشکیل دی ہوئی ہے۔

شال بقیہ 7

لایا جاسکتا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم کسی کو بھی بچوں کی جان سے کھیلنے کی اجازت نہیں دینگے بلکہ خلاف ورزی کرنے والے سکولوں کا لائسنس منسوخ کرکے قانونی کارروائی کی جائے گی ہونا تو یہ چاہیے کہ پرائیویٹ سکولز دھمکیوں کی بجائے تجاویز دیتے لیکن یہاں تو صرف دھمکیوں کو سہارا لیا جارہا ہے ،انہوں نے کہا کہ اگر سکول کی کلاس میں 40 بچوں میں سماجی فاصلے کا خیال رکھا جائے تو کلاس میں صرف 12 بچے ہی بیٹھ سکیں گے تو کیا یہ ممکن ہوگا کہ پرائیویٹ سکولز بچوں میں حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد ممکن بنا سکیں گے ،انہوں نے کہا کہ ویسے بھی چھوٹے سکولوں میں پہلے ہی گنجائش انتہائی کم ہے اتنے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے تو ہم کس طرح سکول کھولیں۔

شال بقیہ 8

اپنے محکموں کے بجوڑ اور جاری منصوبوں خالی اور تجویز کی گئے ،آسامیوں اور محکموں کی استعداد کار میں اضافے کے لیئے جاری اقدامات سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے محکمہ اطلاعات میں سوشل میڈیا سیل کے قیام کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ سیل کے لیئے اس شعبہ سے متعلق ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں اور حکومت کے یو ٹیوب چینل اور ریڈیو اسٹیشن کے قیام کے منصوبوں کی منظوری بھی حاصل کی جائے وزیر اعلیٰ نے نیوز چینلز اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ حکومت کی کارکردگی اجاگر کرنے کے لیئے جاری اشتہاری مہم کو مزید وسعت دینے اور مزید مقامی اخبارات کو مہم میں شامل کرنے کی ہدایت بھی کی سیکریٹری مذہبی امور نے محکمہ کے ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ وزیر اعلیٰ ،کو تکنیکی دیگر امور سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبائی زکواۃ کونسل قائم کردی گئی ہے جبکہ ڈپٹی کمشنروں کو چیئرمین ضلعی زکواۃ کمیٹی کی نامزدگی کی سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جسکے بعد مستحقین میں زکواۃ کی تقسیم کا آغاز کیا جائے گا انہوں نے کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر شہروں میں وقف جائیدادوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے ان اثاثہ جات کی مکمل تفصیل کے ساتھ ساتھ انکے بہترین مصرف کو یقینی بنانے کی سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 9

جائیگا کہ کرونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں وقت کا استعمال کر کے کاروباری حضرات کو کیا سہولیات اور آسانیاں مہیا کی جاسکتی ہیں، اجلاس میں تمام قواعد وضوابط کی نقشہ سازی بھی کی جائیگی تاکہ کاروباری حضرات کو گھر بیٹھے تمام معلومات آن لائن دستیاب ہوں، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی سربراہی میں قائم اسٹیئرنگ کمیٹی کے ارکان میں چیف سیکرٹری بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، سیکرٹری انڈسٹریز سمیت چیئرمین پی بی او آئی شامل ہیں، اسکے علاوہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ میں ایک سیل قائم کیا جائیگا جو کاروباری ضوابط کے معیار کو بہتر بنانے کی طرف کوششوں کی رہنمائی کرے گا اور کاروبار سے متعلق اقدامات کا جائزہ لے گا، سیل کا اجلاس ہر دو ماہ بعد ہونا لازمی ہوگا، انہوں نے کہا کہ کووڈ۔19 کی صورتحال میں کاروباری طبقہ جن مسائل سے دوچار ہیں اس کا حکومت کو احساس ہے اور وزیر اعلیٰ جام کمال نے کاروباری طبقات کیلئے آسانیاں پیدا کرنے اور انہیں سہولیات کی فراہمی کیلئے ہدایات جاری کی ہیں، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ ان ہدایات کی روشنی میں کاروباری طبقے کو تمام سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

شال بقیہ 10

پڑیگا، آنے والے دنوں میں کسی شہر کے کورونا مریضوں کو اپنے شہر کے ہسپتال میں بستر نہ ملے تو ضرورت پڑنے پر دوسرے شہروں کے ہسپتالوں میں منتقل کرنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں معاون خصوصی ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ اسد عمر نے جو اعداد و شمار پیش کیے ہیں یہ وہ نتیجہ ہے جو ہم ہر ہفتے باقاعدگی کے ساتھ مشترکہ تحقیق کرتے ہیں، ہم نے سوچا کہ اسے عوام کے سامنے لایا جائے کیونکہ ہم کچھ چھپانا نہیں چاہتے تاکہ لوگوں کو پتا چلے کے آنے والے دنوں میں کن حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا سے نمٹنے کے لیے ایس او پیز بنائے گئے ہیں اور اس کا نہ صرف اطلاق ہوگا بلکہ انتظامی طور پر بھی اسے یقینی بنایا جائے گا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ پنجاب میں اسمارٹ لاک ڈاؤن تو ہورہا تھا لیکن جیسا ہونا چاہیے تھا ویسا نہیں ہوا تو اس میں بھی تبدیلی کی گئی ہے لہٰذا پنجاب میں جو بہت زیادہ آبادی والے علاقے ہیں انہیں مکمل لاک ڈاؤن کریں گے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے کیسز کی تعداد کم ہوسکتی ہے لیکن آنے والے دنوں میں کسی شہر کے کورونا مریضوں کو اپنے شہر کے اسپتال میں بستر نہ ملے تو ضرورت پڑنے پر انہیں دوسرے شہروں کے اسپتالوں میں منتقل کرنا پڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جون کے آخر تک آکسیجنیٹڈ بیڈز کی سہولت فراہم کریں گے اور جولائی میں اس سے زیادہ ہی بنائیں گے۔

شال بقیہ 11

بڑے پیمانے پر پبلک ورکس پروگرام شروع کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں سرکاری ترقیاتی پروگرام کے تحت تعمیرات کا آغاز کیا جائے تاکہ لوگوں کو روزگار مل سکے، حکومت نے پھر غلط فیصلہ کیا، پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی میں اضافے کے بجائے گزشتہ برس سے بھی کم بجٹ رکھا ہے، ملک میں نئے منصوبے شروع کرکے معاشی سرگرمیاں بڑھا سکتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ٹیکس جمع نہ ہونے کی ذمہ دار خود حکومت ہے، پہلے اس کا اپنا پیدا کردہ مسئلہ ہے، مسلم لیگ (ن) نے ٹیکس وصولی سالانہ 14-5 فیصد کے مجموعی شرح پر رکھی تھی، پی ٹی آئی ہماری بنائی ہوئی پالیسی پر چلتی تو اس سال 5000 ارب ٹیکس جمع ہوتا، ضد کے بجائے دانائی، دانشمندی، کھلے ذہن اور دل سے سوچا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 8.5 فیصد اور منفی شرح ترقی کے حالات میں زمین آسمان کا فرق ہے، برے حالات میں عوام کو ریلیف اور رعایت پر مبنی بجٹ دیں، طلب بڑھانے سے ہی معیشت چل سکتی ہے، ہی پیک منصوبوں کے لئے وسائل اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہیں۔

شال بقیہ 12

کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے جبکہ تیسری تجویز میں وفاقی حکومت سے تعلیم اور صحت کے بجٹ کو دوگنا کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے، چوتھی تجویز میں پٹرولیم مصنوعات سرچارج آرڈیننس 1961 کے سیکشن تین اے کے ذیلی سیکشن دو اور تین میں کی گئی ترامیم کو واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے، یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ وفاقی حکومت پیٹرول سے رقوم نکلوانے پر ہر قسم کا ورہولڈنگ ٹیکس ختم کرے۔ چھٹی تجویز میں کہا گیا کہ کاروبار کی بندش کی وجہ سے ورہولڈنگ ایجنٹ کی طرف سے غیر رجسٹرڈ شخص کو سامان کی خرید وفروخت پر بل کا پانچ فیصد ورہولڈنگ ٹیکس ختم کیا جائے۔ پراپرٹ آف سیلز پر سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی شرط ختم کی جائے، ساتویں تجویز میں فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 میں سینٹ پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں مجوزہ ترمیم کو 75.1 روپے کی بجائے 50 پیسے فی کلوگرام رکھنے کا مطالبہ کیا ہے، اسکے علاوہ یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق تین اے اور تین بی میں مجوزہ ترمیم کی بجائے پلاٹ یا گھر کی خرید وفروخت پر کیپیٹل گین ٹیکس مکمل طور پر ختم کیا جائے، نویں تجویز میں تعلیمی اداروں کی طرف سے ایڈوانس ٹیکس اکٹھا کرنے کی ترمیم واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے، سینیٹر سراج الحق نے تجویز دی ہے کہ وفاقی حکومت فنانس بل میں ضروری ترامیم کے ذریعے وفاقی دارالحکومت میں خدمات پر سیلز ٹیکس کی شرح کو سترہ کی بجائے پانچ فیصد کرے، آخری تجویز میں کہا گیا کہ کورونا وباء کے مشکل حالات میں وفاقی حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے بنیادی اشیائے خورد ونوش پر سیلز ٹیکس ختم کرے۔

شال بقیہ 13

آپریشن عمل ہوا، ڈپٹی کمشنر زیارت لیفٹیننٹ (ر) مہراللہ بادینی اسپرے آپریشن کی نگرانی کرتے رہے جبکہ پاک آرمی کے کیپٹن عمیر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت امان اللہ ترین اور محکمہ زراعت کے اہلکار کام میں مصروف عمل رہے۔ اسپرے آپریشن میں ڈسٹرکٹ انتظامیہ، پاک آرمی اور محکمہ زراعت کے اہلکاروں نے حصہ لیا، یونین کونسل کچھ زیارت کے دو مقامات پر اسپرے کیا گیا، اس اقدام سے زمینداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ مال مویشی رکھنے والے افراد اور زمینداروں سے اپیل کی گئی ہے کہ صحت عامہ کے تحفظ کی خاطر احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور جس جگہ ٹڈی دل سے اسپرے کیا گیا ہو وہاں پر مال مویشی نہ لے جائیں۔

شال بقیہ 14

میں ابھی تک درج نہیں ہیں اس سلسلہ میں الیکشن کمیشن کے شعبہ انتخابی فہرست کی جانب سے جاری مراسلہ میں نادرا کو جلد از جلد تمام مطلوبہ تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں تاکہ ایسے تمام افراد کے نام الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 25 کے مطابق انتخابی فہرستوں میں درج کیے جاسکیں، ایک محتاط اندازے کے مطابق ایسے افراد کی تعداد 30 سے 35 لاکھ کے درمیان ہے۔ واضح رہے چیف الیکشن کمشنر نے گزشتہ دنوں انتخابی فہرستوں میں درج مرد اور خواتین رائے دہندگان کے درمیان موجود بڑے فرق کو ختم کرنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر جامعہ حکمت عملی بنانے کی ہدایات بھی جاری کی تھیں۔

شال بقیہ 15

مالکان کو فوری چینی کی قیمت کم کرکے 70 روپے کلو کرنے کی ہدایت دی تھی، تاہم 3 روز گزر جانے کے باوجود بھی چینی کی قیمت 85 روپے کلو سے کم نہ ہوسکی اور ملک بھر میں چینی کہیں بھی 70 روپے کلو میں فروخت نہیں ہورہی۔ دوسری جانب بجٹ کے فوری بعد رائس ملز مالکان نے مختلف اقسام کے چاولوں کی قیمت میں 10 تا 15 روپے کلو کا اضافہ کردیا ہے جس نے عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم گرادیا ہے، روزمرہ کے کھانے پینے کی اشیا میں آٹے اور چاول کی کھپت انتہائی زیادہ ہے ۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ٹوٹا چاول کی قیمت بڑھ کر 120 روپے اور باسمتی چاول کی قیمت بڑھ کر 150 تا 150 روپے کلو کردی گئی ہے، اسی طرح دانی، سپر کرنل اور دیگر چاول کی قیمتوں میں بھی 10 تا 15 روپے کلو کا اضافہ کردیا گیا ہے جبکہ ہول سیل اور ریٹیل سطح پر چاولوں کی قیمت میں 10 روپے کا فرق بتایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 16

افراد کو ہلو کے ڈومیسائل پر بھرتی ہوکر کئی سال سے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں، یہ انکشاف گورنر بلوچستان اور چیئرمین سینیٹ کی جانب سے بھرتی ہونے والے افراد کے ڈومیسائل کی دوبارہ ڈپٹی کمشنر سے تصدیق کے دوران ہوا۔ خیال رہے کہ وفاقی اداروں نے ڈومیسائل کی تفصیل تصدیق کے لیے ڈپٹی کمشنر کو بھجوائی تھی، ڈپٹی کمشنر آفس کو ہلو میں انکوائری کے دوران معلوم ہوا کہ ڈومیسائل غیر قانونی طور پر بنائے گئے ۔ یاد رہے کہ کچھ عرصہ قبل بلوچستان ہائی کورٹ نے جعلی ڈومیسائل پر بلوچستان کے کوٹے پر ملازمتیں دینے کے ایک کیس میں تفصیلی تحریری فیصلہ بھی جاری کیا تھا، شہری کی آئینی درخواست پر بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس ہاشم خان کاکڑ اور جسٹس روزی خان بزنجو پر مشتمل ڈویژن بنچ نے انتظامیہ کو حکم دیا کہ بلوچستان کے کوٹے پر قومی اسمبلی میں ملازمت پر خاتون کے خلاف کارروائی کرے۔ کوئٹہ کے جعلی ڈومیسائل پر بلوچستان کے کوٹے پر ایک خاتون کو قومی اسمبلی میں ملازمت دی گئی تھی۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا تھا کہ عاصمہ مرتضیٰ نے بلوچستان کے ڈومیسائل پر ملازمت حاصل کی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی تحقیقات کی روشنی میں خاتون کا ڈومیسائل جعلی ثابت ہوا، چیف سیکریٹری بلوچستان ضلعی سطح پر کمیٹیاں بنائے جو جعلی ڈومیسائل اور دہرے لوکل سرٹیفکیٹ کی 2 ماہ میں جانچ پڑتال کریں۔

شال بقیہ 17

جرائد سمیت صحافی تنظیموں اور انجمن اخبار فروشاں بلوچستان کے زیر اہتمام حکومتی ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اخباری صنعت بلوچستان کا ہر شعبہ شدید متاثر ہورہا ہے لیکن حکومت کی جانب سے کوئی اقدام نہیں اٹھایا جارہا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے 25 فیصد کوٹہ کی کٹوتی صحافت پر براہ راست قدغن لگانے کے مترادف ہے' وفاقی حکومت کی جانب سے کٹوتی سے میڈیا انڈسٹری میں بحران جنم لے سکتا ہے' جبکہ صوبائی سطح پر بھی اخبارات و جرائد شدید مالی دباؤ کا شکار ہورہے ہیں' وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی واضح ہدایات کے باوجود 2017-18 کے بقایاجات ادا نہیں کئے جارہے جبکہ صوبائی حکومت کے اشتہارات و خصوصی ڈیلے اشتہارات میں بھی صوبے کے مقامی اخبارات کو یکسر نظرانداز کیا جارہا ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے۔

شال بقیہ 18

مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریپیئر شاپس صبح 9 بجے سے 7 بجے تک کھلی رہے گی، ہفتے میں 6 دن کاروباری مراکز کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ کے روز مکمل لاک ڈاؤن ہوگا، لاک ڈاؤن میں کی جانے والی نرمی تاجروں اور عوام کے احتیاطی تدابیر کی ایس او پیز پر عملدرآمد سے مشروط ہے بلکہ ورکرز اور گاہکوں کے لئے ہاتھ دھونے سینیٹائیزر کی فراہمی اور ماسک اور گلوز کا استعمال لازم ہے دکان میں ایک وقت میں 4 سے زائد افراد نہیں ہونگے، حکومتی احکامات کے تحت سمارٹ لاک ڈاؤن 16 جون تک نافذ العمل رہے گا تاہم بعد میں حکومت کی جانب سے فیصلہ کیا جائے گا کہ آیا سمارٹ لاک ڈاؤن میں توسیع کی جائیگی یا نہیں دوسری جانب ضلعی انتظامیہ بھی حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کیلئے متحرک ہیں، گزشتہ دنوں کے دوران ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایس او پیز کی خلاف ورزی اور مہنگائی کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن 476 دکانیں 48 ہوٹلز اور 4 بینک اور ہنڈی دفاتر سیل کئے گئے جبکہ 172 دکانوں کو جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 19

اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اور خاتون وارڈ ان سمیت جیل کے دس وارڈز بھی کورونا میں مبتلا ہیں جیل حکام کے مطابق کورونا کا شکار قیدیوں کو دیگر قیدیوں سے الگ کرکے ایک علیحدہ آئسولیشن وارڈ میں منتقل کردیا گیا ہے جہاں انہیں علاج کے ساتھ اضافی خوراک بھی دی جارہی ہے کوئٹہ کی ڈسٹرکٹ جیل میں قیدیوں کی تعداد اڑھائی سو سے زائد ہے۔

شال بقیہ 20

ثابت کردیا ہے کہ موجودہ حکومت کسی صورت عوام کے مفاد میں نہیں کبھی آنے کا بحران کبھی چینی کا بحران کبھی پٹرول کا بحران جو حکومت اپنے معاملات نہیں سنبھال سکتی وہ ہمارے لیے کیا کرسکتی ہے موجودہ حکومت کرونا کی آڑ میں چھپنا چاہتی ہے لیکن چھپ نہیں سکے گی کیونکہ عوام موجودہ حکومت کو سمجھ چکے ہیں اور اسکے دعووں سے تنگ آچکے ہیں جو کہتی کچھ اور ہے کرتی کچھ اور ہے جو گزشتہ دو سالوں میں ایک بات پر پورا نہیں اتری جس حکومت کی کارکردگی قابل رحم ہو وہ ہم پر کیا رحم کرے گی عوام موجودہ حکومت کی مہنگائی سے پس چکے ہیں عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے خدارہ ہماری جان چھوڑ دیں یہی ہم پر احسان ہوگا۔

شال بقیہ 21

تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے، ضلع گوادر کے اقتصادی مواقعوں سے مالا مال ہے بلکہ گوادر کے اقتصادی مواقعوں کو مزید تقویت دینے کی ضرورت ہے اور اقتصادی سرگرمیوں سے ضلع گوادر کے عوام اور پورے ملک تک ثمرات پہنچانے کی ضرورت ہے، چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قومی و بین الاقوامی سرمایہ کاری لانے کیلئے موثر حکمت عملی اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 22

کی تعداد میں افراد بے روزگار ہوئے ہیں اور انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کے دونوں جانب آباد قبائل کی آپس میں رشتہ داریاں اور لوگ ایک دوسرے کی غم اور خوشی میں شریک ہوتے ہیں بارڈر بند ہونے سے انہیں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت فوری طور پر ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے پاک افغان بارڈر کو کھولے تاکہ لاکھوں افراد جو بے روزگار ہوئے ہیں انہیں دوبارہ روزگار مل سکے۔

شال بقیہ 23

میں ایک شخص حاجی پیر محمد ولد حاجی عمر جاں بحق ہوگیا ہے جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا ہے مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 24

ہے۔ قوموں نے اپنے عوام، تعلیم و صحت پر خرچ کرکے سرخرو ہوئے مگر ہمارے حکمرانوں نے ذات پر خرچ کرکے بنک بیلنس بڑھادیے۔ حکومت بجٹ میں غریبوں کے حالت بدلنے، ترقی و خوشحالی مخصوص تعلیم کو خاص توجہ دیں۔ بے عمل وخالی خولی اعلانات کے بجائے عملی طور پر اخلاص کیساتھ عوام کی حالت بدلنے کیلئے کام و فیصلے کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آٹھویں ترمیم کے بعد بھی اہل بلوچستان کی حالت نہیں بدلی اس لیے کے عوام پر خرچ کرنے والا کوئی نہیں۔ اہل بلوچستان کو فاقے سے بھی گلہ ہے اور اپنے منتخب نمائندوں، حکومتوں سے بھی گلہ ہے کہ یہاں عوام کو منصوبہ بندی سے پسماندہ رکھا گیا ہے تعلیمی اداروں میں تعلیم اور صحت کے اداروں میں علاج نہیں۔ وسائل سے مالا مال زرعی بلوچستان میں بدعنوانی، حکومتی غفلت کی وجہ سے آج ہر طرف بھوک وافلاس، پریشانی، بے روزگاری اور بدامنی ہیں ہر فرد پریشان ہیں یہ سب حکمرانوں کی وجہ سے ہے بدقسمتی سے الیکشن کے دنوں میں عوام سے خوشنما وعدے تو کیے جاتے ہیں مگر الیکشن کے بعد عوام اور منتخب نمائندوں کا رابطہ ختم ہوجاتا ہے۔

چستان 30 بلوں کے اضلاع میں کورونا وائرس پایا گیا ہے، سیکرٹری صحت

سوشل ڈسٹنسنگ کے اصولوں پر نہیں چلیں گے تو بڑا مشکل وقت آنے والا ہے

شرح اموات ایک فیصد جبکہ صحت یابی کا تناسب 65 فیصد سے زائد ہے، سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین جمالدینی

صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزار کا کوئٹہ پہنچنے پر رکن اسمبلی قادر نائل استقبال کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین جمالدینی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 33 اضلاع میں سے 30 اضلاع میں کورونا وائرس پایا گیا ہے کووڈ ٹیسٹنگ کی سہولت ہر ضلع میں ایک مخصوص کٹ کے ذریعے کی جاتی ہے تاہم لوگوں کو سمجھنا ہوگا کہ تشخیص اور علاج دو الگ معاملات ہیں ابھی کورونا وائرس کا کوئی علاج دریافت نہیں ہوسکا اور نہ ہی ویکسی نو کے اس وائرس کا علاج ہیں اس لئے اس وبا سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے، بلوچستان میں کورونا وائرس کے باعث شرح اموات ایک فیصد جبکہ صحت یابی کا تناسب 65 فیصد سے زائد ہے کورونا وائرس سے بچاؤ کا موثر حل سماجی فاصلہ ہے حکومت نے عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے لاک ڈاؤن میں نرمی برتی عوام کو بھی اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہونگی۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے تفصیل نمبر 34 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کی ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 16 جون کو مچھ گرڈ اسٹیشن سے صبح 11 بجے تا سہ پہر 3 بجے جبکہ بانجابہ گرڈ سے دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

پاکستان کا وفاقی بجٹ 14 فیصد سے بڑھ کر 17.68 تک پہنچ گیا ہے، نواب محمد اسلم خان رئیسانی

پاکستان مختلف اقوام اور مختلف کلچر پر مشتمل فیڈریشن ہے مگر اسٹیبلشمنٹ مرکزی ساخت کا حامی ہے

ملک کے آئندہ مالی سال 21-2020ء کے بجٹ کا 17.68 فیصد دفاع پر خرچ کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف ساراوان ورکن بلوچستان اسمبلی نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ پاکستان مختلف اقوام اور مختلف کلچر پر مشتمل فیڈریشن ہے مگر اسٹیبلشمنٹ مرکزی ساخت کا حامی ہے پاکستان کا وفاقی بجٹ 14 فیصد سے بڑھ کر 17.68 تک پہنچ گیا ہے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹیوٹر پر اپنے ایک پیغام میں نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ پاکستان مختلف اقوام اور مختلف کلچر پر مشتمل فیڈریشن ہے اور فیڈریشن لوگوں کی تاریخ اور ان کی تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے پورے بلوچستان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، زیرک خان اچکزئی

وفاقی حکومت ٹڈی دل سے متاثرہ بلوچستان کو آفت زدہ قرار دیکر خصوصی پیکج کے حوالے سے وعدہ وفا کرے

حکومت بلوچستان کی طرف سے زمینداروں کے نقصانات کے حوالے سے سروے جاری ہے، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی حکومت ٹڈی دل سے متاثرہ بلوچستان کو آفت زدہ قرار دیکر خصوصی پیکج کے حوالے سے وعدہ وفا کرے، بلوچستان کے 80 فیصد لوگ زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے مگر ٹڈی دل نے پورے بلوچستان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے جس کی وجہ سے زراعت، فصلات اور باغات کو بڑے پیمانے پر نقصانات پہنچنے کا اندیشہ ہے، حکومت بلوچستان کی طرف سے زمینداروں کے نقصانات کے حوالے سے سروے جاری ہے، ٹڈی دل تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

خضدار چیف آفیسر لسبیلہ وڈیرہ محمد صالح جاموٹ خضدار پریس کلب میں اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

دلسورہ ٹڈی دل سے زمیندار بری طرح متاثر حکومت فی الفور اقدامات کریں، مولوی آمین اللہ

اللہ تعالیٰ کی جانب توجہ اور سرنگوں ہو کر صدق دل سے توبہ استغفار کریں یہ سب کچھ ہمارے اعمال کا نتیجہ ہے، فضل ہاپنیزئی

دلسورہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام مستقی محمود یونٹ دلسورہ کے امیر مولوی آمین اللہ جنرل سیکرٹری فضل الرحمان ہاپنیزئی پریس عبدالمالک دلسوری مولوی ضیاء الحق مولوی علیم اللہ مولوی نجیب اللہ حافظ عبدالستار محمد عظیم بازئی محمد اسلم قاہر لالا مولوی اللہ داد اللہ محب اللہ دلسوری نے اپنے بیان میں کہا کہ دلسورہ سرنگ پر کئی دنوں سے ٹڈی دل حملہ آور ہیں کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں جس سے زمیندار نان شبینہ کے لئے محتاج ہو چکے ہیں بے بسی کا عالم یہ ہے کہ زمیندار اپنی مدد آپ کے تحت سپرے کر رہے ہیں حکومت نے سپرے کرنے کا جو دعویٰ کیا تھا وہ بالکل بے بنیاد ٹڈی دل کا مسلسل حملے تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

ضلع میں ٹڈی دل مکمل بے قابو ہو چکی ہے، میر اورنگزیب جمالدینی

ٹڈی دل کے یلغار سے ضلع میں زراعت مکمل تباہی کے آخری دہانے پر پہنچ چکی ہے

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے ممتاز زمیندار و سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین میر اورنگزیب جمالدینی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع میں ٹڈی دل مکمل بے قابو ہو چکی ہے، ٹڈی دل کے یلغار سے ضلع میں زراعت مکمل تباہی کے آخری دہانے پر پہنچ چکی ہے، زمیندار ٹڈی دل کے یلغار کے سامنے مکمل بے سروپا ہو کر اپنے قیمتی فصلات کو تباہ ہوتے دیکھ رہے ہیں زمینداروں کے تمام تر تدابیر کے باوجود ٹڈی دل قابو نہیں ہو رہے ہیں بلکہ ٹڈی دل کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے ضلع میں انگور، پیاز، کپاس، پالیزات اور زرعی اجناس کے فصلیں مکمل طور پر تباہ ہونے کے قریب ہے مگر اس تباہی کے باوجود متعلقہ محکمے تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بلوچستان پیٹرول پمپ ڈیلر ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس کے پیٹرولیم کمیٹی کے چیئرمین وطن یار بازئی کے زیر صدارت اجلاس میں کیو سی سی آئی کے سینئر نائب صدر بدرالدین کاکڑ، ہمایوں خان بازئی و دیگر شریک ہیں

ہم آئین لاء کلاسز کے خلاف نہیں بلکہ بلوچستان میں سہولیات کا فقدان ہے، ابوبکر دانش

سوراب (این این آئی) ایچ ای سی کے فلٹ پالیسیوں اور علاقے میں انٹرنیٹ کی تین سال سے بندش کے خلاف طلبہ تنظیموں کی جانب سے احتجاجی ریلی و مظاہرہ۔ ریلی میں تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

عوام کی فلاح و بہبود اور عام آدمی کے مسائل حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے، محمد بشیر

ہمارے بزرگوں نے انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے ہم بلا امتیاز ورنگ عوام کی بھرپور خدمت کریں گے

سرانان (آن لائن) عوام کی فلاح و بہبود اور عام آدمی کے مسائل حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے یہ بات میونسپل کمیٹی سرانان کے چیف افیسر محمد بشیر نے پریس کلب صدر سینئر صحافی سید نورالدین آغا اور محمد سلیم شاکر کے ساتھ ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

وفاقی بجٹ نوآبادیاتی نظام کا بہترین عکاسی کرتی ہے، حی بلوچ

سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے وفاقی حکومت آئی ایم ایف کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہے

بلوچستان کو وفاق نے ماضی کی طرح بجٹ میں مکمل نظر انداز کیا گیا ہے، سربراہ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالحی بلوچ نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ نوآبادیاتی نظام کا بہترین عکاسی کرتی ہے درحقیقت محنت کش، محروم قوموں عوام دشمن بجٹ 100 فیصد سرمایہ داروں اور زورآور حکمران قوتوں کی مفاد کا بجٹ ہے عوام کو زرا بھر بھی ریلیف نہیں دیا ہے سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے وفاقی حکومت آئی ایم ایف کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہے بلوچستان کو وفاق نے ماضی کی طرح بجٹ میں مکمل تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

خاندان بی اے پی کے مرکزی رہنماء میر عبدالکریم اور میر شعیب نوشیروانی کی کال پر وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی حمایت میں بی اے پی ریلی مختلف شاہراہوں سے گزر رہی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اور رکن صوبائی اسمبلی مبین خان خلجی ملاقات کر رہے ہیں

کورونا وائرس کے دوران خواتین پر گھریلو تشدد اور ہراسگی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے

حکومت خواتین پر تشدد اور ہراسگی روکنے کیلئے اقدامات کرے، ووِمن ایکشن فورم

کوئٹہ (این این آئی) خواتین محاذ عمل (ووِمن ایکشن فورم) نے بلوچستان کے ضلع مسلم باغ میں حاجرہ بی بی کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے حاجرہ بی بی کے قاتلوں کو گرفتار کر کے انہیں قرار واقع سزا دی جائے کورونا وائرس کے دوران خواتین پر گھریلو تشدد اور ہراسگی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے حکومت خواتین پر تشدد اور ہراسگی روکنے کیلئے اقدامات کرے۔ یہ بات ووِمن ایکشن فورم تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہمیں سنوکر کلب کھولنے کی اجازت دی جائے، عبدالرحیم کاکڑ

سنوکر کلب بند ہونے سے کلب کے مالکان اور ہزاروں کی تعداد میں لیبر نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، آل بلوچستان سنوکر کلب اونرز ایسوسی ایشن کے صدر جہانگیر ہنگوئی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہمیں سنوکر کلب کھولنے کی اجازت دی جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہونگے، لاک ڈاؤن کے دوران کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد کرنے میں حکومت ناکام رہی ہے جس سے تاجران کی مشکلات میں اضافہ ہوا۔ یہ بات انہوں نے پیر کو مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا، آل بلوچستان سنوکر کلب اونرز ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری نور حسین رئیسانی، شبیر لاکھو اور دیگر کے ہمراہ بلدیہ پلازہ کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہر طرف افراتفری کا عالم ہے تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

قلات کورونا کے مزید 7 کیسز رپورٹ، تعداد 53 ہوگئی

284 ٹیسٹ میں 166 نیگیٹو جبکہ 65 افراد کا ٹیسٹ پینڈنگ، کورونا سے متاثرہ افراد گھروں میں آئسولیٹ۔ تین افراد مکمل صحت یاب ہو چکے

65 کے رپورٹس آنا باقی ہے، جن افراد کے رپورٹس مثبت آئے ہیں انہیں گھروں میں آئسولیٹ کردیا گیا ہیں

قلات (آن لائن) قلات میں کورونا وائرس کے مزید سات کیسز سامنے آگئے، مریضوں کی کل تعداد 53 ہوگئی، 284 ٹیسٹ میں 166 نیگیٹو جبکہ 65 افراد کا ٹیسٹ پینڈنگ، کورونا سے متاثرہ افراد گھروں میں آئسولیٹ۔ تین افراد مکمل صحت یاب ہو چکے مزید آٹھ افراد کا آئسولیشن پیریڈ مکمل ہونے پر دوبارہ ٹیسٹ، رزلٹ کا انتظار، تفصیلات کے مطابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پرنس عبدالکریم خان ہسپتال قلات ڈاکٹر علی اکبر نیچاری نے خبر رساں ادارے آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قلات پرنس عبدالکریم خان ہسپتال قلات میں اب تک کل 284 افراد کے کورونا ٹیسٹ کئے گئے تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، عوامی حلقے

تمرین (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے صحبت پور میں روڈ پر جگہ جگہ مہر پٹرول مافیا کی جانب سے پیٹرول کی سرعام فروخت بلیک پر جاری ہے یہ پٹرول کہاں سے پہنچ رہا ہے جبکہ پمپ والوں کو تو نہیں مل رہا ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب ختم القرآن کا پروگرام کیا گیا

مستونگ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب ختم القرآن کا پروگرام کیا گیا جس میں شیخ القرآن مولانا عبدالستار آزاد مولانا نورالہادی مولانا شیخ حافظ فضل محمد و دیگر کی گئی جس مولانا محمد حیات مولانا تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

حکومت کے تمام دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان کے مشکلات میں اضافہ کیا گیا

دو سال میں جہاں عوام کو کوئی سہولت نہیں دی گی اس بار کورونا کے آڑ میں عوام کو مزید پریشان کیا جارہا ہے، شکر خان چندرانی

نصیر آباد (این این آئی) آل بلوچستان لیگیشل اینڈ کلرک ایسوسی ایشن نصیر آباد ڈویژن کے وائس چیئرمین شکر خان چندرانی نے کہا ہے کہ موجودہ بجٹ مزدور کش ہے اس کو مسترد کرتے ہیں اس مہنگائی کے طوفان غریب مزدور طبقہ اور خاص کر ملازمین کو سب سے زیادہ متاثر ہونگے ہیں کیونکہ دیگر اشیاء خورد و نوش کی مہنگائی نے کمر توڑ دی یہ بجٹ مزدور دشمن بجٹ ہے موجودہ حکومت لوگوں کو ریلیف دینے کے بجائے ان کو ایسے پریشانیوں سے دوچار کردیا ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے آل بلوچستان لیگیشل اینڈ تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

ماسٹر جان محمد جاتل لانگو کی ادبی خدمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، مقررین

گنجو (نامہ نگار) ماسٹر جان محمد جاتل لانگو کی ادبی خدمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں ہمارے ادب کے دائرے میں ایک ستارہ کی مانند تھے اس کی کمی ہمیں ہر وقت محسوس ہوتی رہے گی ان خیالات کا اظہار مقررین نے کوہ مارن ادبی کاروان کے صدر جان محمد جاتل لانگو کے یاد میں منعقد محفل مشاعرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا محفل مشاعرے کی ابتداء تلاوت کلام پاک سے ہوئی جس کی سعادت مختیار قادری نے حاصل کی اسٹیج سیکریٹری کے فرائض تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

مستونگ میں کورونا کیسز میں اضافہ عید کے بعد تاحال 119 کیسز رپورٹ

کورونا وائرس کے پہلے مریض میں تشخیص 15 اپریل کو ہوئی اور 15 اپریل سے 15 مئی تک کورونا وائرس کی مثبت مریضوں کی تعداد 29 رہی

کورونا قابل علاج مرض ہے اگر اس میں احتیات برتی جائے اور حکومتی ہدایات پر عمل کیا جائے تو یہ وبائی مرض کا خاتمہ ممکن ہوگا

مستونگ (این این آئی) مستونگ ضلع میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز میں بتدریج اضافہ جاری ہیں اور روز بروز کورونا پازیٹیو کیسز کی تعداد بڑھ رہی ہیں عید کے بعد تاحال 119 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے اس سے قبل شروع میں کے پہلے مہینہ میں مستونگ میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی تعداد 29 تھی جبکہ اگلے مرحلے میں ایک مہینہ میں یہ تعداد بڑھ کر 119 ہوگئی اور اب تک پازیٹو کیسز کی ٹوٹل تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

راولپنڈی ڈاپڑ کی ٹالی بو بڑ بازار میں ایک پلازہ کے باہر بجلی کے میٹر اور خستہ حال تاریں کسی حادثے کا سبب بن سکتی ہیں

سابق صوبائی وزیر وڈیرہ عبدالخالق مویشی زہری انتقال کر گئے

خضدار (پ ر) سابق صوبائی وزیر و بلوچستان کے ایک مدبر و نڈر انسان وڈیرہ عبدالخالق مویشی زہری اب ہم میں نہیں رہے۔ وہ اپنے حقیقی خالق سے جا ملے۔ اللہ انکی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں مرحوم تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

غلام صابر خان لودھی سابقہ ہیلتھ ملازم قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) غلام صابر خان لودھی سابقہ ہیلتھ ملازم قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم غلام مصطفیٰ لودھی اور غلام مرتضیٰ لودھی کے والد شہید جاوید لودھی اور محمود لودھی، ڈاکٹر مقصود لودھی، تفصیل نمبر 67 صفحہ 3 پر

پنجگور کے عوام کی جان و مال کی تحفظ ہمارا اخلاقی و قانونی آئینی ذمہ داری ہے، شبیر احمد بادینی

پیرا فورس کے ساتھ یہاں کے پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بھی امن و امان قائم کرنے کیلئے کردار ادا کیا ہے

پنجگور (آن لائن) ڈپٹی کمشنر پنجگور شبیر احمد بادینی و اے سی احمد حسین سومرو نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجگور کے عوام کی جان و مال کی تحفظ ہمارا اخلاقی و قانونی آئینی ذمہ داری ہے جیسے ہر صورت میں پورا کر کے یہاں کے عوام کو امن دیں گے پنجگور کے جرائم پیشہ افراد کے خاتمے کیلئے ہر ممکن کوشش کر کے شہریوں کو پرسکون ماحول دینے کیلئے ہر طرح کی قربانیوں سے دریغ نہیں کریں گے پیرا فورس کے ساتھ یہاں کے پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بھی امن و امان قائم کرنے کیلئے کردار ادا تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

پی امیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کو دیوار سے لگانے کی بجائے ان کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے، مولانا عبدالرحمن رفیق

ایسوسی ایشن کے رہنماء گزشتہ کئی دنوں سے سراپا احتجاج ہیں مگر محکمہ صحت سمیت ان کی دادرسی کرنے والا کوئی نہیں ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ ڈپٹی جنرل سیکریٹری حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمٰن ملاخیل نے کہا ہے کہ پی امیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کو دیوار سے لگانے کی بجائے ان کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

وڈیرہ عبدالخالق مویشی کی علاقائی، سیاسی و قبائلی خدمات تاریخ کا حصہ ہیں، بی این پی عوامی

وڈیرہ عبدالخالق مویشی نے سیاسی و قبائلی رہبری کا فریضہ نبھا کر تاریخ میں ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے

خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سربراہ سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری، صوبائی وزیر زراعت بلوچستان میر اسد اللہ بلوچ، سابق صوبائی وزیر داخلہ میر ظفر اللہ خان زہری نے وڈیرہ عبدالخالق مویشی کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وڈیرہ عبدالخالق مویشی ایک سلجھے ہوئے سیاسی و قبائلی رہنماء تھے جس نے ہمیشہ نامساعد حالات و کٹھن صورتحال اور جغرافیائی میں سیاسی و قبائلی رہبری تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

کیسکو خضدار سرکل نے زرعی نادہندگان کے 8 ٹرانسفارمرز عدم ادائیگی پر اُتار دیئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی مختلف ٹیموں کی نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہے جو اپنے متعلقہ علاقوں میں کارروائیاں کر کے نادہندگان کے برقی کنکشنز منقطع کر رہے ہیں اس سلسلے میں کیسکو خضدار سرکل کی ٹیم نے مزید کارروائی کرتے تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

تفتان بارڈر کی کاروباری صورتحال کافی پریشان کن ہوتی جارہی ہے، جمعہ خان

فروٹ کھلے آسمان تلے کنٹینروں میں پڑا ہے جس سے تاجروں کو کروڑوں روپے کا مال ضائع ہونے کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر جمعہ خان کوکرائی نیشر جمعہ خان بادیزئی، ایگزیکٹو ممبران جاوید رحیم پراچہ، عبدالباقی کاکڑ، ملک ندیم کاسی، امان اللہ، ارشاد علی شاہ، روزی خان کاکڑ، فرحت حسین، ولی محمد بزنجو، چوہدری تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

وفاقی بجٹ میں عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا ہے، قیوم بارکزئی

موجودہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے وائس چیئرمین قیوم بارکزئی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ میں عوام کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا ہے جس سے ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ ہوگا، موجودہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمد اللہ سے جمعیت کے صوبائی رہنماء مولانا محمد عالم لانگو ملاقات کر رہے ہیں

اوپن یونیورسٹی: تمام پوسٹ گریجویٹ ورکشاپس بذریعہ جدید ٹیکنالوجی منعقد کرنے کا فیصلہ

دور دراز علاقوں کے طلبہ و طالبات کی ورکشاپس روایتی طریقے سے منعقد ہوں گے

اسلام آباد (پ ر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے COVID-19 کی صورتحال کے پیش نظر ملک بھر میں سمسٹر بہار 2020ء کی پوسٹ گریجویٹ سطح کے تعلیمی پروگرامز کی ورکشاپس بذریعہ جدید ٹیکنالوجی منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، پوسٹ گریجویٹ پروگرامز کے طلبہ کو Asggu LMS Portal کے ذریعے کورسسز کی ورکشاپس میں شریک ہونے کی ہدایت کی گئی ہے، ان پروگرامز کے طلبہ و طالبات کو اپنی ہوم اسائنمنٹس، سٹیفیکیٹ (بھی آگے پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کی ہدایت کی گئی تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

پٹرول کی بحران سے چند لوگوں کی چاندنی ہوگئی ہے، لیاقت علی چکھڑا

نصیر آباد اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں پٹرول بلیک میں فروخت کیا جارہا ہے

نصیر آباد (این این آئی) جماعت اسلامی یوتھ کے صوبائی نائب صدر لیاقت علی چکھڑا نے کہا کہ پٹرول کی قیمت میں کمی تو کی گئی مگر عوام کو پٹرول کے ایک بوند کیلئے پٹرول پمپوں کے چکر کاٹ کر خالی ہاتھ واپس آنا پڑ رہا ہے نصیر آباد اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں پٹرول بلیک میں فروخت کیا جارہا ہے۔ جو کہ فی لیٹر 100 سے زاہد میں عوام کو دیا جارہا ہے پٹرول کی بحران سے چند لوگوں کی تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

حالات ناقابل برداشت ہو چکے ہیں، حافظ محمد اعظم بلوچ

تمپ میں بی پی کلثوم کی بیانہ قتل کی مذمت کے لیے الفاظ بھی کم پڑ جاتے ہیں تمپ واقعہ انتہائی بھیانک اور دردناک ہے

پنجگور (این این آئی) پنجگور رائل پارٹیز کے چیئرمین حافظ محمد اعظم بلوچ نے کہا کہ حالات ناقابل برداشت ہو چکے ہیں تمپ میں بی پی کلثوم کی بیانہ قتل کی مذمت کے لیے الفاظ بھی کم پڑ جاتے ہیں تمپ واقعہ انتہائی بھیانک اور دردناک ہے پنجگور میں منصوبہ بندی کے تحت عوام کو خوفزدہ کیا جارہا ہے ہر روز قتل ہو رہے ہیں عوام نقل مکانی کا سوچ رہے ہیں قتل اقدام قتل ڈکیتی چوریاں انتہا کو پہنچ چکی ہیں۔

وفاقی بجٹ غریب عوام پر ڈرون حملہ ہے، سردار زار میر زاہد جان لہڑی

وفاقی بجٹ ایک ظالمانہ بجٹ ہے بجٹ میں غریب عوام کے لیئے کچھ بھی نہیں رکھا گیا

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام جوہان کے سرپرست اعلیٰ سردار زار میر زاہد جان لہڑی مولانا محمد عمر غزنوی میر عبدالباقی ہنگوئی حافظ عزیز الرحمان لہڑی عبدالکریم لہڑی حاجی محمد عالم لہڑی میر شفیق الرحمان لہڑی میر سعید جان ہنگوئی اور دیگر نے وفاقی بجٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ غریب عوام پر ڈرون حملہ ہے وفاقی بجٹ میں عوام کے مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالا گیا ہے۔

مدارس اصلاحات کے نام پر مختص رقم پانچ ارب حکومت غریبوں پر خرچ کرے، مولانا مفتی محمد قاسم

مدارس اصلاح شدہ ہیں اصلاحی تحریک ہیں مغربی ایجنڈے کی تکمیل مسترد کرتے ہیں

چمن (آن لائن) شہید اسلام مولانا محمد حنیف رح کے جانشین اور جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما مولانا مفتی محمد قاسم، شیخ الحدیث مولانا شرف الدین، حافظ محمد طیب نے گلشن شہید اسلام جامعہ دارالعلوم اسلامیہ ملت آباد کے جدید شاخ جامعہ دارالعلوم اسلامیہ کے افتتاح کے موقع پر روحانی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدارس اصلاحات کے نام پر مختص رقم پانچ ارب تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ نہیں ہوگا، قاضی محمد اکبر

حکومت نے کروڑوں روپے کی اسکیمات عوام کی بھلائی کیلئے دی ہیں

اوتھل (آن لائن) ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل لسبیلہ قاضی محمد اکبر نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں ترقیاتی اسکیمات کے جاری کاموں کا معائنہ کیا اس موقع پر انجینئر فدا بھی انکے ہمراہ تھے اور ایڈمنسٹریٹر ضلع لسبیلہ قاضی محمد اکبر نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی بھی سمجھوتہ نہیں ہوگا حکومت نے کروڑوں روپے کی اسکیمات عوام کی بھلائی کیلئے دی ہیں اور ہم ذمہ داران کا یہی فرض بنتا ہے کہ اب مسلسل سائیڈ کا معائنہ کریں۔

سرکاری ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والے ٹرانسپورٹ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

ٹرانسپورٹ معاہدہ کی پاسداری کرے اور ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائے کیونکہ کورونا وائرس سے احتیاطی بچاؤ کا واحد علاج ہے

بے احتیاطی کے باعث ہی بلوچستان میں کورونا وائرس میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے کورونا وائرس کا واحد علاج احتیاط ہے

ہرنائی (آن لائن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اشرف الدین ترین نے کہا ہے کہ سرکاری ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والے ٹرانسپورٹ کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی ٹرانسپورٹ معاہدہ کی پاسداری کرے اور ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائے کیونکہ کورونا وائرس سے احتیاطی بچاؤ کا واحد علاج ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ پر ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ کی ہدایت پر ناکہ لگا کر مختلف مسافر گاڑیوں، کے علاوہ ٹرکوں، موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کی اس دوران تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب ختم القرآن کا پروگرام کیا گیا

مستونگ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات کے زیر اہتمام ایک دعائیہ تقریب ختم القرآن کا پروگرام کیا گیا جس میں شیخ القرآن مولانا عبدالستار آزا